بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

”اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا“

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مِصباحُ القرآن

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ 12

پروفیسر عبدالرّحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN
بیتُ القرآن
لاہور۔ پاکستان
0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بیت القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں
(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مصباح القرآن

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ 12

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبد الرحمٰن اطہر
فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات
سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT
لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت
فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان
فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور
رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول .... جون 2023
ناشر .... بیت القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان
پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی بی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ "بیت القرآن" درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیر نظر ترجمہ "مصباح القرآن" تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ "بیت القرآن" نصاب سازی کیلیے "پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ" میں بطور "Book Developer" رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمد للہ۔ 2001ء سے تاحال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری و ساری ہے، اللہ کی توفیق سے "مصباح القرآن" کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بیت القرآن

1-C سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور
موبائل: 0092-321-8844845
آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115
ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دار السلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دار السلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چونگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

حرف اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریل علیہ السلام کے ذریعے محمد ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتاب ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لیے تزکیہ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تا کہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالب ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل وگلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روح رواں محترم پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔ فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں میں پیش کر کے پھر انہی رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔ پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے "مفتاح القرآن" والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔ "مصباح القرآن" ترجمہ قرآن یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالب قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ "مصباح القرآن" میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح القرآن" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا ان لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہو گئی ہے۔

اس صفحے کے مقابل صفحہ پر روز مرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا رنگ اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعین کر دیئے ہیں تا کہ ایک اُستاد یا طالب قرآن ان کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں اُلجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہم قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہو گی جو عامۃ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کی حسنات کو حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین۔

پروفیسر عبدالجبار شاکر (مرحوم)

سابق ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تقریظ

رسول اکرم ﷺ حکم الٰہی "يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ" کے اولین مخاطب اور مصداق تھے۔ بعد ازاں فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ نبوی تلقین کو محبان رسول ﷺ نے ہر دور میں جاری رکھا اسی نبوی روایت کو جاری وساری رکھتے ہوئے عامۃ الناس میں قرآنی فہم عام کرنے، عمل کا جذبہ اُبھارنے کے لیے ذوق وشوق اور جہدِ مسلسل الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی کا خاصہ ہے۔ "مصباح القرآن" پہلے ایک ایک پارے کی صورت میں اور اب پانچ پاروں کی شکل میں ان کی محنت، لگن اور اخلاص کا ثمر ہے۔ یقیناً ہزاروں لوگ قرآن مجید کے اس آسان طریقِ تفہیم سے قرآنی تعلیمات کو سمجھ رہے ہیں۔

قرآنِ عظیم ربِ کریم کی ایسی کتاب ہے جو سارے انسانوں کے لیے ہدایت، قیامت تک کے لیے موجود اور محفوظ۔ ہدایت کے ہر طلب گار کے لیے آسان فہم ہے جسے خالق کائنات نے کثافتوں اور ملاوٹوں سے پاک رکھا۔ جس کی تازگی اور شفافیت ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی برقرار ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ قیامت تک اس چشمۂ صافی سے پیاسوں نے سیراب ہونا ہے۔ گم کردہ راہ مسافروں نے نورِ ہدایت حاصل کر کے منزل کو پانا ہے۔

کتابِ ہدایت کے لیے حفاظت کا الٰہی بندوبست کچھ ایسا ہوا کہ نزول کے آغاز سے ہی اوراق میں محفوظ، سینوں میں محفوظ، ہر آیت اور ہر سورۃ محفوظ، اور یوں پورا قرآن محفوظ "ایک مثالی زندگی" کے شب وروز اور ماہ وسال میں آپ کی رفیقۂ حیات، یارِ غار رسول ﷺ کی بیٹی ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ کی گواہی "كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنُ" کی صورت جس پر "لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ" کی خدائی مہرِ تصدیق ثبت ہو چکی۔ مزید براں لاکھوں منوّر چہروں اور معطّر قلوب سے متصف صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین پر مشتمل ایمان افروز معاشرہ "آیاتِ قرآنیہ" کے موجود اور محفوظ ہونے کا عملی گواہ ہے۔ ﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ﴾ پہلے قرآنی سبق کے نزول کے ساتھ روزِ اول سے فلاحِ دارین کے لیے قرآنی تعلیمات کا فہم لازم اور عمل واجب قرار پایا۔ چنانچہ قرآنی تحفیظ وتعلیم، تفسیر وتفہیم اور تیسیر وتسہیل کا عمل ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اور اس سارے عمل نے ایک تحریک کی شکل اختیار کر لی، تفسیریں لکھی گئیں اور مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے کیے گئے۔ برصغیر پاک وہند میں فارسی اور اردو ترجمہ کی روایت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ محدث دہلوی اور ان کے بیٹوں نے ڈالی۔ بعدہٗ اللہ کے بیسیوں بندوں نے لوگوں میں قرآن فہمی کے لیے عربی دانی کا ذوق وشوق پیدا کیا تاکہ اللہ کی کتاب کو براہ راست سمجھا جا سکے۔ گلی گلی، شہر شہر، قرآن وحدیث کی مبارک محفلیں برپا ہوئیں۔ عالم اسلام میں خاص طور پر اور کرۂ ارض پر عام طور پر جگہ جگہ یہ سلسلہ نہ صرف قائم ہے بلکہ روز افزوں ہے۔

اُردو جاننے اور بولنے والے قرآن فہمی کے لاکھوں شائقین کے لیے فہمِ قرآن کی ایک "طرح" جناب پروفیسر عبدالرحمن طاہر مدنی صاحب نے ڈالی ہے۔ "مصباح القرآن" میں اردو ترجمہ کو قرآن کے عربی متون کے بالمقابل تین رنگوں میں کچھ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قرآن کا فہم آسان تر ہو جاتا ہے۔ اردو خواں قاری قرآن اور عربی الفاظ سے کچھ یوں مانوس ہو جاتا ہے کہ عربی زبان سے اس کی "نفسیاتی وحشت" دور ہوتی جاتی ہے اور تسہیل کے رنگین اشاراتی اسلوب سے قرآن سینے میں اترنے لگتا ہے۔ موصوف کے ہاں قرآن کی تدریس وتفہیم کے لیے سفر وحضر، صبح وشام وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جبکہ مسجدوں، کھلے پارکوں، تفریح گاہوں اور تعلیمی اداروں میں ان سے قرآن سیکھنے والے خواتین وحضرات سب ان کے شیدائی اور انکے حضور قرآن فہمی کے لیے ہمہ تن گوش رہتے ہیں۔ عام طور پر طباعت واشاعت کوئی آسان کام نہیں ہوتا، جبکہ "مصباح القرآن" جیسا مبارک کتابی سلسلہ اپنے اندر طباعت کے لحاظ سے بہت نزاکت رکھتا ہے۔ مہارت اور احتیاط کا متقاضی بھی ہے لیکن پروفیسر صاحب کے معاونین نے فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ اس ہدف کو ممکن الحصول بنا دیا ہے۔ "مصباح القرآن" کی طباعت واشاعت، فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ "مصباح القرآن" کے اس سلسلۂ اشاعت کو آسان بنانے والے یقیناً امت کے محسن اور سعید لوگ ہیں۔ اللہ کے حضور ان کی زندگیوں اور مالوں میں برکت کے لیے بے شمار دعائیں۔ بجا طور پر ریسرچ سکالرز کی ٹیم جناب محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران، مدثر بن یوسف حجازی، تمام معاونین اور طباعتی واشاعتی ادارہ "بیت القرآن" اس صدقہ جاریہ کا معتبر ذریعہ ہیں۔ یقیناً محترم الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی اس قرآنی قافلے کے سالار ہیں۔ فَجَزَاهُمُ اللَّهُ خَيْرًا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور یہ سلسلہ کروڑوں اُردو خواں حضرات وخواتین کے لیے باعث ہدایت ورحمت بنتا رہے۔ اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

پروفیسر مسند سیرت (ر) شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی لاہور

تقریظ

زیرنظر کتاب "مصباح القرآن" جو کہ پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر مدنی سلمہ اللہ نے مرتب کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔
موصوف نے اس میں قرآن کریم کے ترجمہ کو رنگوں کی مدد سے سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تحت اللفظ اور بامحاورہ دونوں ترجمے کیے گئے ہیں، نیز حاشیہ پر قرآنی الفاظ کی وضاحت اور ان کے اردو میں استعمال کا طریقہ، عربی گرامر کے نکات ومسائل کو بھی خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔
دعا ہے کہ اللہ جل شانہ موصوف کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، عوام الناس، علماء اور طلباء کے لیے اسے نافع بنائے اور موصوف کو اسی طرح قرآن کریم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

محتاج دعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی

مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور، پاکستان

تقریظ

پروفیسر عبدالرحمن طاہر صاحب حفظہ اللہ اُن فضلائے مدینہ یونیورسٹی میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے "الجامعۃ الاسلامیہ" سے فراغت اور سعودی حکومت کی طرف سے مبعوث ہونے کے بعد اپنے ملک پاکستان میں دینی خدمت کی خصوصی توفیق سے نوازا۔ فاضل موصوف نے قرآن کریم کے معانی ومطالب کو زیادہ سے زیادہ عام فہم بنانے کے لیے عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ نئے تجربے کیے جس کی تفصیل آپ "عرض مرتب" میں ملاحظہ فرمائیں۔
پڑھنے والوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طریقہ تعلیم کو کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ اس کا دائرہ استفادہ محدود نہ رہے، بلکہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے اور ملک کے اطراف واکناف میں ہر جگہ قرآن فہمی کا سلسلہ اس کے ذریعے سے عام ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، موصوف حفظہ اللہ نے اس کے لیے پہلے دو کتابیں مرتب کیں، "مفتاح القرآن" اور "مصباح القرآن" دونوں کو اللہ تعالیٰ نے قبولیت عامہ کے شرف سے نوازا۔
"مفتاح القرآن" میں عربی گرامر کو آسان انداز میں پیش کیا اور "مصباح القرآن" میں اس کے مطابق قرآن کریم کا لفظی ترجمہ اور دیگر وہ جدتیں شامل کیں جو قرآن کریم کے فہم کو آسان سے آسان تر کر دے جس کی بابت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾﴾ القمر 17

ایک صفحے پر خانوں میں لفظی ترجمہ اور حاشیے میں مشکل الفاظ کی وضاحت، حل لغات اور صرفی تعلیل۔ اور دوسرے صفحے پر بامحاورہ ترجمہ ہے اور اس کے حاشیے میں قرآنی الفاظ کی اُردو میں استعمال کی وضاحت دی گئی ہے۔
اس طرح "مصباح القرآن" دو ترجموں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، لفظی بھی اور بامحاورہ بھی اور دونوں صفحے الگ الگ فوائد کے حامل ہیں۔
اب پروفیسر صاحب نے اس کا نیا ایڈیشن تیار کیا ہے، اُمید ہے کہ وہ بہت پسند کیا جائے گا، ان شاء اللہ۔
پروفیسر صاحب موصوف کی یہ عظیم قرآنی خدمت جس طرح عندالناس مقبول ہوئی ہے، اُمید ہے عنداللہ بھی درجہ قبولیت سے سرفرازی جائے گی اور ان کے لیے اور ان کے تمام معاونین کے لیے بھی ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات ثابت ہوگی۔ ان شاءاللہ

حافظ صلاح الدین یوسف

مشیر وفاقی شرعی عدالت پاکستان

عرضِ مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ مجھے "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیرِ اہتمام گلبرگ لاہور میں قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں: اکثر الفاظ ہم روز مرّہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہو کر خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے اور خالص عربی زبان کے الفاظ ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ہر قسم کے قرآنی الفاظ کی شناخت کراتا، الحمدللہ اس طریقہ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم کے مشورے سے قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ادارہ "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع کی، اس کے بعد "مصباح القرآن" کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا شروع کیا جس میں ان علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

"مصباح القرآن" کا یہ عظیم الشان پروجیکٹ 14 سال کی محنت شاقہ کے نتیجے میں 31 دسمبر 2014 کو پایۂ تکمیل تک پہنچا جو کہ الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع ہو چکا ہے۔ الحمدللہ۔

"مصباح القرآن" کی پروف ریڈنگ کے کئی مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔

آئندہ صفحہ پر "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

میرے خیال میں "مصباح القرآن" اپنے منفرد اسلوب کی وجہ سے برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والے تمام تراجم میں سے آسان ترین اور عام فہم ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اُمتِ اسلامیہ کے لیے نافع اور مقبولِ عام فرمائے۔ آمین۔

میں تمام معاونین کا شکر گزار ہوں اور خاص طور پر "بیت القرآن ریسرچ ٹیم" کا کہ جن کی ہر مرحلے میں میرے ساتھ معاونت رہی ہے اور یہ عظیم کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ آخر میں میری استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے لیے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ، بیت القرآن ریسرچ ٹیم اور اس کارِ خیر میں معاونت کرنے والے تمام افراد کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے، آمین۔

عبد الرحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، قائد اعظم کیمپس لاہور، پاکستان

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ (لانگ کورس) اور ”معلم القرآن“ (شارٹ کورس) میں بیان کی جاچکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ”مفتاح القرآن“ اور ”معلم القرآن“ کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

2. بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

وَمَا [1]	مِنْ دَآبَّةٍ [2][3][4]	فِي الْاَرْضِ	اِلَّا	عَلَى اللّٰهِ	رِزْقُهَا [5]
اور نہیں	کوئی چلنے والا (جاندار)	زمین میں	مگر	اللہ ہی پر	اس کا رزق

وَ	يَعْلَمُ	مُسْتَقَرَّهَا [5][6]	وَ	مُسْتَوْدَعَهَا ط [5][6]	كُلٌّ
اور	وہ جانتا ہے	اس کے قرار کی جگہ	اور	اس کے سونپے جانے کی جگہ	سب کچھ

فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ [4] ۝6	وَهُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ السَّمٰوٰتِ [3]	وَالْاَرْضَ
ایک واضح کتاب میں (ہے)	اور وہی (ہے)	جس نے	آسمانوں (کو) پیدا کیا	اور زمین (کو)

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ [3]	وَّكَانَ	عَرْشُهٗ	عَلَى الْمَآءِ [7]	لِيَبْلُوَكُمْ
چھ دنوں میں	اور تھا	اس کا عرش	پانی پر	تاکہ وہ آزمائے تمہیں

اَيُّكُمْ	اَحْسَنُ	عَمَلًا ط	وَلَئِنْ	قُلْتَ	اِنَّكُمْ
(کہ) تم میں سے کون	زیادہ اچھا ہے	عمل (میں)	اور بلاشبہ اگر	آپ کہیں	کہ بیشک تم

مَّبْعُوْثُوْنَ	مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ [2]	لَيَقُوْلَنَّ [8][9]	الَّذِيْنَ
سب اٹھائے جانے والے ہو	موت کے بعد	(تو) ضرور بالضرور کہیں گے	(وہ لوگ) جن

كَفَرُوْٓا	اِنْ [10]	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ مُّبِيْنٌ [4] ۝7	وَ
سب نے کفر کیا	نہیں (ہے)	یہ	مگر	ایک واضح جادو	اور

لَئِنْ	اَخَّرْنَا	عَنْهُمُ	الْعَذَابَ	اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ [3][4]
یقیناً اگر	ہم مؤخر کردیں	ان سے	عذاب (کو)	ایک گنی ہوئی مدت تک

لَّيَقُوْلُنَّ [8]	مَا [1]	يَحْبِسُهٗ ط [9]	اَلَا [11]	يَوْمَ	يَاْتِيْهِمْ
(تو) یقیناً ضرور وہ کہیں گے	کیا (چیز)	روک رہی ہے اسے	آگاہ رہو!	(جس) دن	وہ آئے گا ان پر

لَيْسَ	مَصْرُوْفًا	عَنْهُمْ	وَحَاقَ	بِهِمْ [12]	مَّا [1]
(تو) نہیں (ہوگا)	ٹالا جانے والا	ان سے	اور گھیر لے گا	ان کو (وہ عذاب)	جو (کہ)

كَانُوْا	بِهٖ [12]	يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝8 ع	وَ	لَئِنْ	اَذَقْنَا
وہ سب تھے	اس کا	وہ سب مذاق اڑاتے	اور	یقیناً اگر	ہم چکھائیں

الْاِنْسَانَ [13]	مِنَّا [14]	رَحْمَةً [3]	ثُمَّ	نَزَعْنٰهَا	مِنْهُ ج
انسان (کو)	اپنی (طرف) سے	رحمت	پھر	ہم چھین لیں اس (رحمت) کو	اس سے

ع 1/8/1

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[2] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[3] ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

[4] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جاسکتا ہے۔

[5] هَا اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[6] مُسْتَقَرٌّ اور مَسْتَوْدَعٌ کے بارے میں اختلاف ہے امام شوکانی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مُسْتَقَرٌّ سے مراد رحم مادر مَسْتَوْدَعٌ سے مراد وہ جگہ جہاں انسان نے دفن ہونا ہے۔

[7] ایک حدیث کے مطابق اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین پیدا کرنے سے پچاس ہزار سال پہلے تمام مخلوق کی تقدیر لکھ دی جبکہ اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا۔ (بخاری، مسلم)

[8] فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

[9] یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[10] اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے اور اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

[11] اَلَا حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو یا خبردار کیا جاتا ہے۔

[12] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[13] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[14] مِنَّا دراصل مِنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ	اور زمین میں کوئی چلنے والا (جاندار) نہیں ہے
اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ	مگر اس کا رزق اللہ ہی پر ہے اور وہ جانتا ہے
مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ	اس کے قرار کی جگہ اور اسکے سونپے جانے کی جگہ
كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝6	سب کچھ ایک واضح کتاب میں (درج) ہے۔ ۝6
وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ	اور وہی ہے جس نے آسمانوں کو پیدا کیا
وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ	اور زمین کو (بھی) چھ دنوں میں
وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ	اور (اُس وقت) اس کا عرش پانی پر تھا (اور یہ دنیا اس لیے بنائی)
لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ	تاکہ وہ تمہیں آزمائے (کہ) تم میں سے کون
اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ	عمل میں زیادہ اچھا ہے اور یقیناً اگر آپ کہیں
اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ	کہ بیشک تم موت کے بعد اٹھائے جانے والے ہو
لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	(تو) بلاشبہ ضرور وہ (لوگ) جنھوں نے کفر کیا کہیں گے
اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝7	نہیں ہے یہ مگر ایک واضح جادو۔ ۝7
وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ	اور بلاشبہ اگر ہم ان سے عذاب کو مؤخر کر دیں
اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ	ایک گنی ہوئی مدت تک (تو) یقیناً ضرور وہ کہیں گے
مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ	اسے کیا چیز روک رہی ہے؟ آگاہ رہو! جس دن
يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ	وہ ان پر آئے گا (تو) وہ ان سے ٹالا جانے والا نہیں
وَحَاقَ بِهِمْ	اور ان کو (وہ عذاب) گھیر لے گا
ع 8/1 مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝8 ع وَلَئِنْ	جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ ۝8 ع اور یقیناً اگر
اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً	ہم انسان کو اپنی طرف سے رحمت چکھائیں
ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ	پھر ہم اس (رحمت) کو اس سے چھین لیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

فِيْ	في الحال، في الفور، في الواقع۔
الْاَرْضِ	ارض و سما، کرہ ارض۔
اِلَّا	الا ماشاء اللہ، الا قلیل۔
عَلٰى	علی الاعلان، علیحدہ۔
يَعْلَمُ	علم، تعلیم، معلوم، معلم۔
مُسْتَقَرَّهَا	مستقر، جائے قرار۔
مُّبِيْنٍ	مبیّنہ طور پر، دلیل بیّن۔
خَلَقَ	خالق، مخلوق، تخلیق۔
السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض و سما۔
اَيَّامٍ	یوم پاکستان، گزشتہ ایام۔
الْمَآءِ	ماء الورد، ماء اللحم۔
لِيَبْلُوَكُمْ	مبتلا، دور ابتلا۔
اَحْسَنُ	احسن طریقہ، حسن معاملہ۔
عَمَلًا	عمل، عامل، معمول، اعمال۔
قُلْتَ	قول، مقولہ، اقوال زریں۔
مَّبْعُوْثُوْنَ	بعثت، مبعوث۔
كَفَرُوْٓا	کفر، کافر، کفار۔
اِلَّا	الا قلیل، الا ماشاء اللہ۔
سِحْرٌ	سحر، ساحر، مسحور کن آواز۔
اَخَّرْنَا	مؤخر، تاخیر۔
اِلٰٓى	مکتوب الیہ، رجوع الی اللہ۔
مَّعْدُوْدَةٍ	عدد، اعداد، تعداد، متعدد۔
لَّيَقُوْلُنَّ	قول، مقولہ، اقوال زریں۔
يَحْبِسُهٗ	حبس بے جا، محبوس۔
مَصْرُوْفًا	صرفِ نظر۔
يَسْتَهْزِءُوْنَ	استہزا۔
اَذَقْنَا	ذوق، ذائقہ، بدذائقہ۔
مِنْهُ	منجانب، من حیث القوم۔
رَحْمَةً	رحمت، مرحوم۔
نَزَعْنٰهَا	حالت نزع۔

إِنَّهٗ	لَيَـُٔوْسٌ [1][2]	كَفُوْرٌ [2] (9)	وَلَئِنْ	أَذَقْنٰهُ
بیشک وہ	یقیناً بہت نااُمید	بے حد ناشکرا (ہو جاتا ہے)	اور یقیناً اگر	ہم چکھائیں اسے

نَعْمَآءَ	بَعْدَ ضَرَّآءَ	مَسَّتْهُ [3]	لَيَقُوْلَنَّ [4]	ذَهَبَ
کوئی نعمت	(اس) تکلیف کے بعد	(جو) پہنچی اسے	(تو) یقیناً ضرور وہ کہے گا	چلی گئیں

السَّيِّاٰتُ [3]	عَنِّيْ ط [5]	إِنَّهٗ	لَفَرِحٌ [1][2]	فَخُوْرٌ [2] لا (10)
(تمام) تکالیف	مجھ سے	بیشک وہ	یقیناً بہت اترانے والا	بہت فخر کرنے والا (ہے)

إِلَّا	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ط [3]
مگر	(وہ لوگ) جن	سب نے صبر کیا	اور اُن سب نے عمل کیے	نیک

أُولٰٓئِكَ [6]	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ [3]	وَّ	أَجْرٌ	كَبِيْرٌ [2] (11)
یہی (وہ لوگ ہیں)	(کہ) ان کے لیے	بخشش	اور	اجر (ہے)	بہت بڑا

فَلَعَلَّكَ	تَارِكٌ	بَعْضَ	مَا	يُوْحٰٓى [7][8]	إِلَيْكَ
پھر شاید کہ آپ	چھوڑ دینے والے (ہیں)	بعض	(وہ) جو	وحی کی جاتی ہے	آپ کی طرف

وَضَآئِقٌ	بِهٖ	صَدْرُكَ	أَنْ	يَّقُوْلُوْا
اور تنگ ہونے والا ہے	اس کی وجہ سے	آپ کا سینہ	کہ	وہ سب (کافر) کہیں گے

لَوْلَآ [9]	أُنْزِلَ [10]	عَلَيْهِ	كَنْزٌ [11]	أَوْ	جَآءَ
(کہ) کیوں نہیں	اُتارا گیا	اس پر	کوئی خزانہ	یا	(کیوں نہیں) آیا

مَعَهٗ	مَلَكٌ ط [11]	إِنَّمَآ أَنْتَ	نَذِيْرٌ ط [12]	وَاللّٰهُ
اس کے ساتھ	کوئی فرشتہ	بیشک آپ صرف	ڈرانے والے (ہیں)	اور اللہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	وَّكِيْلٌ (12)	أَمْ	يَقُوْلُوْنَ	افْتَرٰىهُ ط
ہر چیز پر	خوب نگران (ہے)	کیا	وہ سب کہتے ہیں	اس نے (خود) گھڑ لیا ہے اسے

قُلْ	فَأْتُوْا [13]	بِعَشْرِ سُوَرٍ	مِّثْلِهٖ	مُفْتَرَيٰتٍ [3]
آپ کہہ دیں	پھر تم سب لے آؤ	دس سورتیں	اس جیسی	گھڑی ہوئی

وَّ	ادْعُوْا	مَنِ	اسْتَطَعْتُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ [14]
اور	تم سب بلا لو	جنہیں	تم (بلانے کی) طاقت رکھتے ہو	اللہ کے سوا

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] علامت لَ لفظ کے شروع میں تاکید کی علامت ہے، جسکا ترجمہ یقیناً کیا جاتا ہے۔

[2] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

[3] تْ فعل کے آخر میں ۃ اور ات اسم کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[4] فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ یقیناً ضرور کیا گیا ہے۔

[5] عَنِّيْ دراصل عَنْ + یْ کا مجموعہ ہے۔

[6] أُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے ضرورتاً کبھی ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے، قرآن مجید میں عموماً بات میں زور پیدا کرنے کے لیے اشارہ بعید استعمال ہوتا ہے

[7] يُوْحٰٓى دراصل يُوْحَىْ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق يُوْحٰٓى ہوا ہے۔

[8] علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] لَوْلَآ کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔

[10] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

[11] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[12] إِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں بیشک صرف یوں ہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[13] فَأْتُوْا کا ترجمہ تم سب آؤ ہے، اگر اس کے بعد علامت "بِ" ہو تو پھر اس کا ترجمہ تم سب لاؤ کیا جاتا ہے۔

[14] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ﴿9﴾	بلاشبہ یقیناً وہ بہت نا اُمید بے حد ناشکرا ہو جاتا ہے ﴿9﴾
وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ	اور یقیناً اگر ہم اسے کوئی نعمت چکھائیں
بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ	اس تکلیف کے بعد (جو) اسے پہنچی
لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ	(تو) یقیناً ضرور کہے گا مجھ سے تمام تکالیف دور ہو گئیں
اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ﴿10﴾ۙ	بیشک وہ یقیناً اِترانے والا بہت فخر کرنے والا ہے ﴿10﴾
اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا	مگر وہ (لوگ) جنہوں نے صبر کیا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ	اور نیک اعمال کیے، یہی (وہ لوگ) ہیں
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿11﴾	جن کے لیے بخشش اور بہت بڑا اجر ہے۔ ﴿11﴾
فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ	پھر آپ شاید چھوڑ دینے والے ہیں
بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ	(اس کا) کچھ حصہ جو آپ کی طرف وحی کی جاتی ہے
وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ	اور اس کی وجہ سے آپ کا سینہ تنگ ہونے والا ہے
اَنْ يَّقُوْلُوْا	کہ وہ (کافر) کہیں گے
لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ	(کہ) اس پر کوئی خزانہ کیوں نہیں اتارا گیا؟
اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ	یا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ (کیوں نہیں) آیا؟
اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ	آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں اور اللہ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿12﴾ اَمْ	ہر چیز پر خوب نگران ہے۔ ﴿12﴾ کیا
يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ	وہ کہتے ہیں (کہ) اس نے اس (قرآن) کو (خود) گھڑ لیا ہے
قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ	آپ کہہ دیں پھر تم (بھی) دس سورتیں لے آؤ
مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا	اس جیسی گھڑی ہوئی اور تم بلا لو
مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اللہ کے سوا جنہیں تم (بلانے کی) طاقت رکھتے ہو

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لَيَـُٔوْسٌ : مایوس، یاس و نا اُمیدی۔
كَفُوْرٌ : کفر، کافر، کفار۔
اَذَقْنٰهُ : ذائقہ، بدذائقہ۔
نَعْمَآءَ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
ضَرَّآءَ : ضرر رساں، مضرِ صحت۔
مَسَّتْهُ : مس کرنا۔
السَّيِّاٰتُ : اعمال سیّئہ، علمائے سوء۔
فَخُوْرٌ : فخر کرنا، تفاخرانہ انداز۔
الصّٰلِحٰتِ : اعمال صالحہ، اصلاح۔
مَّغْفِرَةٌ : مغفرت، استغفار۔
اَجْرٌ : اجر، اجرت، عنداللہ ماجور۔
كَبِيْرٌ : اکبر، کبار، تکبیر، کبریٰ۔
تَارِكٌ : تارک دنیا، ترکہ، متروکہ۔
مَا : ماتحت، ماحول، ماورا۔
يُوْحٰٓى : وحی الٰہی، کاتبین وحی۔
اِلَيْكَ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔
ضَآئِقٌ : ضیق النفس، مضائقہ۔
صَدْرُكَ : شرح صدر، شق صدر۔
لَآ : لاعلاج، لاتعداد، لاپرواہ۔
اُنْزِلَ : نازل، نزول، منزل۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علیٰ وجہ البصیرت۔
مَلَكٌ : ملک الموت، ملائکہ۔
وَّكِيْلٌ : وکیل، وکالت، وکلا۔
افْتَرٰىهُ : افترا پردازی، مفتری۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ۔
بِعَشْرِ : عشرہ مبشرہ، عشر عشیر۔
سُوَرٍ : سورتیں (سُوَر جمع)۔
مِّثْلِهٖ : مثال، مثل، مماثلت۔
ادْعُوْا : دعوت، داعی، مدعو۔
اسْتَطَعْتُمْ : استطاعت۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ (13)	فَاِنْ [1]	لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا [2]
اگر	ہو تم	سب سچے	پس اگر	نہ وہ سب قبول کریں

لَكُمْ	فَاعْلَمُوْٓا [1]	اَنَّمَآ [3]	اُنْزِلَ [4]	بِعِلْمِ اللّٰهِ [5]
تمہاری (بات) کو	تو تم سب جان لو	کہ یقیناً صرف	(یہ) اُتارا گیا ہے	اللہ کے علم کے ساتھ

وَاَنْ	لَّآ اِلٰهَ [6]	اِلَّا	هُوَ ۚ	فَهَلْ [1]	اَنْتُمْ
اور یہ کہ	کوئی معبود نہیں	مگر	وہی	تو کیا	تم

مُّسْلِمُوْنَ [7] (14)	مَنْ	كَانَ [8]	يُرِيْدُ [9]	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا [10]
سب فرمانبرداری کرنے والے (ہو)	جو (کوئی)	ہو	چاہتا	دنیوی زندگی

وَ	زِيْنَتَهَا	نُوَفِّ	اِلَيْهِمْ	اَعْمَالَهُمْ
اور	اس کی زینت	ہم پورا پورا بدلہ دیتے ہیں	ان کی طرف	ان کے اعمال (کا)

فِيْهَا	وَهُمْ	فِيْهَا	لَا يُبْخَسُوْنَ [11] (15)	اُولٰٓئِكَ [12]
اس (دنیا) میں	اور وہ سب	اس (دنیا) میں	نہیں وہ سب کم دیے جاتے	یہی

الَّذِيْنَ	لَيْسَ	لَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ [10]	اِلَّا	النَّارُ ۖ
(وہ لوگ ہیں) جو	(کہ) نہیں (ہے)	ان کے لیے	آخرت میں	مگر	آگ

وَحَبِطَ	مَا	صَنَعُوْا	فِيْهَا	وَبٰطِلٌ
اور برباد ہو گیا	جو	ان سب نے کیا	اس (دنیا) میں	اور باطل (بے کار ہے)

مَّا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ [13] (16)	اَفَمَنْ [14]	كَانَ [8]	عَلٰى بَيِّنَةٍ [10]
جو	وہ سب کرتے تھے	تو کیا جو (شخص)	ہو	واضح دلیل (عقل سلیم) پر

مِّنْ رَّبِّهٖ	وَيَتْلُوْهُ [9]	شَاهِدٌ [15]	مِّنْهُ	وَ
اپنے رب (کی طرف) سے	اور پیچھے آیا ہوا سکے	ایک گواہ	اس (اللہ کی طرف) سے	اور

مِنْ قَبْلِهٖ	كِتٰبُ مُوْسٰٓى	اِمَامًا	وَّرَحْمَةً ۭ [10][16]	اُولٰٓئِكَ [12]
اس سے پہلے	موسیٰ کی کتاب (بھی ہو)	(جو) پیشوا	اور رحمت (تھی)	یہی (لوگ)

يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ ۭ [1][5]	وَ	مَنْ يَّكْفُرْ [9]	بِهٖ [5]
وہ سب ایمان لاتے ہیں	اس (قرآن) پر	اور	جو انکار کرتا ہے	اس (قرآن) کا

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر کبھی سو اور کبھی چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔

[2] علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً گزرے ہوئے زمانہ میں کیا جاتا ہے۔

[3] اَنَّ کے ساتھ اگر مَا لگ جائے تو اس میں صرف یوں ہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[4] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[5] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

[6] لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔

[7] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[8] كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہو یا ہوا اور کبھی ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[9] یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[10] ة اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[11] فعل کے شروع میں علامت یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[12] اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

[13] یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

[14] علامت اَ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[15] اس گواہ سے مراد حضرت جبرائیل علیہ السلام یا قرآن مجید یا حضرت محمد ﷺ ہیں۔

[16] یعنی ایسا شخص بھلا اُس کی طرح ہو سکتا ہے جسکے پیش نظر دنیا اور اس کی خوشحالی ہو یعنی دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿13﴾	اگر تم سچے ہو۔ ﴿13﴾
فَإِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ	پس اگر وہ تمہاری بات کو قبول نہ کریں
فَاعْلَمُوْٓا أَنَّمَآ	تو تم جان لو کہ یقیناً صرف
أُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ	یہ اللہ کے علم کے ساتھ اُتارا گیا
وَأَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ أَنْتُمْ	اور یہ کہ کوئی معبود نہیں مگر وہی، تو کیا تم
مُّسْلِمُوْنَ ﴿14﴾ مَنْ كَانَ	فرمانبرداری کرنے والے ہو؟ ﴿14﴾ جو (کوئی ایسا) ہو
يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا	(کہ) وہ دُنیوی زندگی اور اسکی زینت چاہتا ہو
نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ	ہم انہیں ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے دیتے ہیں
فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا	اس (دنیا) میں اور وہ اس (دنیا) میں
لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿15﴾	کم نہیں دیے جاتے۔ (یعنی ان کی حق تلفی نہیں کی جاتی) ﴿15﴾
أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ	یہی (وہ لوگ ہیں) جن کے لیے (اور کچھ) نہیں
فِي الْاٰخِرَةِ إِلَّا النَّارُ ۖ	آگ کے سوا آخرت میں
وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا	اور جو (عمل) انہوں نے اس (دنیا) میں کیا برباد ہوگیا
وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿16﴾	اور باطل (بے کار) ہے جو کچھ وہ کرتے رہے تھے ﴿16﴾
أَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ	تو کیا جو (شخص) واضح دلیل (عقل سلیم) پر ہو
مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ	اپنے رب کی طرف سے اور اسکے پیچھے (تائید میں) آیا ہو
شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ	ایک (آسمانی) گواہ اس (اللہ کی طرف) سے اور اس سے پہلے
كِتٰبُ مُوْسٰٓى إِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ	موسیٰ کی کتاب (تورات) بھی ہو (جو) پیشوا اور رحمت ہے
أُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ	یہی (لوگ) اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں
وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ	اور جو اس (قرآن یا رسول) کا انکار کرتا ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

صٰدِقِيْنَ : صادق و امین، صداقت۔
يَسْتَجِيْبُوْا : مستجاب الدعا۔
بِعِلْمِ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔
الْحَيٰوةَ : موت و حیات، حیات جاوداں۔
الدُّنْيَا : دنیا، دُنیوی زندگی۔
زِيْنَتَهَا : زیب و زینت، مزین۔
نُوَفِّ : وفا، ایفائے عہد۔
أَعْمَالَهُمْ : عمل، عامل، معمول۔
فِيْهَا : فی الفور، فی الحال، فی الواقع۔
لَا : لاعلم، لاتعداد، لاعلاج۔
فِيْ : اظہار مافی الضمیر، فی الفور۔
الْاٰخِرَةِ : آخرت، اُخروی زندگی۔
إِلَّا : الاقلیل، الاماشاء اللہ۔
النَّارُ : نوری وناری مخلوق۔
مَا : ماورائے عدالت، ماتحت۔
صَنَعُوْا : صنعت، مصنوعات۔
بٰطِلٌ : حق وباطل، باطل عقیدہ۔
مَا : ماحول، ماورائے آئین۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
عَلٰى : علی الاعلان، علیحدہ۔
بَيِّنَةٍ : دلیل بیّن، مبیّنہ طور پر۔
مِّنْ : منجانب، من حیث القوم۔
شَاهِدٌ : شاہد، شہادت۔
قَبْلِهٖ : قبل ازوقت، چند دن قبل۔
كِتٰبُ : کتاب، کتابیں، کتب۔
إِمَامًا : امام، امامت۔
رَحْمَةً : رحمت، رحم، رحمۃ اللہ علیہ۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
يَكْفُرْ : کفر، کافر، کفار۔

مِنَ الْاَحْزَابِ	فَالنَّارُ	مَوْعِدُهٗ ج	فَلَا تَكُ [1]
(کافر) گروہوں میں سے	تو آگ (ہی)	اس کے وعدے کی جگہ (ہے)	تو آپ نہ ہوں

فِيْ مِرْيَةٍ [2]	مِّنْهُ ق	اِنَّهُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ
کسی شک میں	اس (قرآن) سے	یقیناً وہ (قرآن)	حق ہے	تیرے رب (کی طرف) سے

وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ [3] (17)	وَمَنْ [4]
اور	لیکن	اکثر لوگ	نہیں وہ سب ایمان لاتے	اور کون

اَظْلَمُ [5]	مِمَّنِ [6][4]	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا ط	اُولٰٓئِكَ [7]
زیادہ ظالم (ہے)	(اس) سے جس نے	باندھا	اللہ پر	جھوٹ	یہ (لوگ)

يُعْرَضُوْنَ [8][9]	عَلٰى رَبِّهِمْ [10]	وَ	يَقُوْلُ [9]	الْاَشْهَادُ
سب پیش کیے جائیں گے	اپنے رب پر	اور	کہیں گے	گواہ (فرشتے)

هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ	كَذَبُوْا	عَلٰى رَبِّهِمْ ج	اَلَا	لَعْنَةُ اللّٰهِ
یہ (وہ لوگ ہیں) جن	سب نے جھوٹ بولا	اپنے رب پر	آگاہ رہو!	اللہ کی لعنت (ہے)

عَلَى الظّٰلِمِيْنَ لا (18)	الَّذِيْنَ	يَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
سب ظالموں پر	جو	وہ سب روکتے ہیں	اللہ کی راہ سے

وَ	يَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا ط	وَهُمْ [11]	بِالْاٰخِرَةِ [12]
اور	وہ سب تلاش کرتے ہیں اس میں	کجی	اور وہ سب	آخرت کا

هُمْ [11]	كٰفِرُوْنَ (19)	اُولٰٓئِكَ [7]	لَمْ [13]	يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ [15][14]
وہ سب	سب انکار کرنے والے (ہیں)	یہ (لوگ)	نہیں	وہ تھے سب عاجز کرنے والے

فِي الْاَرْضِ	وَمَا	كَانَ	لَهُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ [16]
زمین میں	اور نہیں	تھا	ان کے لیے	اللہ کے سوا

مِنْ اَوْلِيَآءَ م [16]	يُضٰعَفُ [8][9]	لَهُمُ	الْعَذَابُ ط	مَا
کوئی حمایتی	دُگنا کیا جائے گا	ان کے لیے	عذاب	نہیں

كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ [17]	السَّمْعَ [18]	وَمَا	كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ [17] (20)
تھے وہ سب طاقت رکھتے	سننے (کی)	اور نہ	تھے وہ سب (حق کو) دیکھا کرتے

وقف لازم

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 تَكُ دراصل تَكُنْ تھا تخفیف کے لیے آخر سے نْ حذف ہوا ہے۔
2 اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔
3 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
4 مَنْ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔
5 اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔
6 مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے
7 اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔
8 فعل کے شروع میں علامت يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔
9 یہاں يُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
10 یہاں مراد اپنے رب کے سامنے ہے۔
11 علامت هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے۔
12 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔
13 لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔
14 یہاں وْا اور يْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔
15 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔
16 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
17 یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔
18 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

مِنَ الْاَحْزَابِ	(کافروں کے) گروہوں میں سے
فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ	تو آگ ہی اسکے وعدے کی جگہ (یعنی اس کا ٹھکانا) ہے
فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۗ	تو آپ اس (قرآن) سے کسی شک میں نہ ہوں
اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ	یقیناً وہ (قرآن) آپ کے رب کی طرف سے حق ہے
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿17﴾	اور لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ ﴿17﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ	اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے
افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۭ	اللہ پر جھوٹ باندھا
اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ	یہ (لوگ) اپنے رب پر پیش کیے جائیں گے
وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَاۗءِ	اور گواہ (فرشتے) کہیں گے یہ ہیں
الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ	وہ (لوگ) جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا
اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿18﴾	آگاہ رہو! ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔ ﴿18﴾
الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وہ (لوگ) جو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں
وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۭ	اور وہ اس میں کجی تلاش کرتے ہیں
وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿19﴾	اور وہی آخرت کا انکار کرنے والے ہیں۔ ﴿19﴾
اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ	یہ (لوگ بھاگ کر اللہ کو) عاجز کرنے والے نہیں ہیں
فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ	زمین میں، اور ان کا نہیں ہے
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَاۗءَ ۘ (وقف لازم)	اللہ کے سوا کوئی حمایتی
يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ۭ	ان کے لیے عذاب دُگنا کیا جائے گا
مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ	نہ (آپ کی بات) سننے کی طاقت رکھتے تھے
وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿20﴾	اور نہ وہ (حق کو) دیکھا کرتے تھے۔ ﴿20﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِنَ : منجانب، من جملہ، من وعن۔
الْاَحْزَابِ : حزب اقتدار، حزب اختلاف۔
مَوْعِدُهٗ : وعدہ، وعید، میعاد۔
فِيْ : فی الفور، اظہار مافی الضمیر۔
الْحَقُّ : حق، حقیقت۔
وَ : شام وسحر، رحم وکرم۔
اَكْثَرَ : اکثر اوقات، کثیر تعداد۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
اَظْلَمُ : ظلم، ظالم، مظالم۔
افْتَرٰى : افترا پردازی، مفتری۔
عَلَى : علی الاعلان، علیحدہ۔
كَذِبًا : کذب بیانی، تکذیب۔
يُعْرَضُوْنَ : عرض ناشر، معروضات۔
عَلٰى : علی ہذا القیاس، علیحدہ۔
رَبِّهِمْ : رب، ربوبیت، مربی۔
يَقُوْلُ : قول، اقوال، قائل۔
الْاَشْهَادُ : شاہد، شہادت، شواہد۔
لَعْنَةُ : لعنت، ملعون، لعنتی۔
الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظالم۔
سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ۔
بِالْاٰخِرَةِ : آخرت، یوم آخرت۔
كٰفِرُوْنَ : کفر، کافر، کفار۔
مُعْجِزِيْنَ : عاجز، عجز و نیاز، عاجزی۔
فِيْ : فی الفور، اظہار مافی الضمیر۔
الْاَرْضِ : ارض و سما، کرۂ ارض۔
اَوْلِيَاۗءَ : ولی، ولایت، اولیاء اللہ۔
يُضٰعَفُ : ذو اضعاف اقل۔
السَّمْعَ : سمع وبصر، آلۂ سماعت۔
يُبْصِرُوْنَ : بصارت، بصیرت، تبصرہ۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

أُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ [1]	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ [2]	وَضَلَّ
یہی (لوگ ہیں)	جن	سب نے خسارے میں ڈالا	اپنے نفسوں کو	اور گم ہوگیا
عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ [3] (21)	لَا جَرَمَ [4]	اَنَّهُمْ
ان سے	جو	وہ سب افترا باندھتے تھے	کوئی شک نہیں	کہ یقیناً وہ
فِي الْاٰخِرَةِ [5]	هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ [6] (22)	اِنَّ	الَّذِيْنَ [1]	
آخرت میں	وہی سب زیادہ خسارہ پانے والے (ہیں)	بے شک	(وہ لوگ) جو	
اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ [5]	وَ	اَخْبَتُوْٓا
سب ایمان لائے	اور	ان سب نے نیک اعمال کیے	اور	ان سب نے عاجزی کی
اِلٰى رَبِّهِمْ [2] ۙ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ [5] ۚ	هُمْ [7]	
اپنے رب کی طرف	وہی (لوگ)	جنت والے (ہیں)	وہ سب	
فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ (23)	مَثَلُ	الْفَرِيْقَيْنِ [8]	
اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے (ہیں)	مثال	دونوں گروہوں کی	
كَالْاَعْمٰى [9]	وَ	الْاَصَمِّ	وَ	الْبَصِيْرِ
اندھے کی طرح	اور	بہرے (کی طرح)	اور	دیکھنے والے
وَ	السَّمِيْعِ ۭ	هَلْ	يَسْتَوِيٰنِ [8]	مَثَلًا ۭ
اور	سننے والے (کی طرح ہے)	کیا	یہ دونوں برابر ہیں	مثال میں؟
اَفَلَا [10]	تَذَكَّرُوْنَ [11] ع (24)	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا [12]
تو کیا نہیں	تم سب نصیحت حاصل کرتے	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجا
نُوْحًا	اِلٰى قَوْمِهٖٓ [13] ۡ	اِنِّىْ	لَكُمْ	نَذِيْرٌ
نوح کو	اس کی قوم کی طرف	(اس نے کہا) بیشک میں	تمہارے لیے	ڈرانے والا (ہوں)
مُّبِيْنٌ (25) ۙ	اَنْ	لَّا تَعْبُدُوْٓا [14]	اِلَّا	اللّٰهَ ۭ
واضح	(اور کہا) کہ	تم سب عبادت مت کرو	مگر	اللہ (ہی) کی
اِنِّىْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ (26)	
بے شک میں	میں ڈرتا ہوں	تم پر	ایک دردناک دن کے عذاب (سے)	

ع 2 16 2

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنھیں، جنھوں نے کیا جاتا ہے۔
2. هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
3. یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔
4. لَا جَرَمَ کے مذکورہ بالا ترجمے کے علاوہ بعض نے "کوئی ممانعت نہیں" اور بعض نے لَا اور جَرَمَ کو ملا کر ترجمہ "یقینی ہے" کیا ہے۔
5. ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
6. هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ وہی کیا جاتا ہے۔
7. هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے۔
8. لفظ کے آخر میں يْنِ، اِنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے
9. "كَ" اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔
10. جب "اَ" کے بعد "وَ" یا "فَ" ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
11. تَذَكَّرُوْنَ اصل میں تَتَذَكَّرُوْنَ تھا تخفیف کے لیے ایک تَ کو حذف کیا جاتا ہے اور علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔
12. نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔
13. هٗ، هٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
14. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں جمع مذکر کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا	یہی (لوگ ہیں) جنہوں نے خسارے میں ڈالا
اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ	اپنے نفسوں کو اور ان سے گم ہو گیا
مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿21﴾	جو وہ افترا باندھتے تھے۔ ﴿21﴾
لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ	کوئی شک نہیں کہ یقیناً وہ آخرت میں
هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿22﴾	وہی سب سے زیادہ خسارہ پانے والے ہیں۔ ﴿22﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بے شک وہ (لوگ) جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور انہوں نے نیک اعمال کیے
وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ	اور انہوں نے اپنے رب کی طرف عاجزی کی
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ	وہی (لوگ) جنت والے ہیں
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿23﴾	(اور) وہ سب اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿23﴾
مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ	دونوں گروہوں کی مثال
كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ	اندھے اور بہرے کی طرح ہے
وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ۭ	اور دیکھنے والے اور سننے والے (کی طرح) ہے
هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ	کیا یہ دونوں مثال میں برابر ہیں؟
ع 16 2 اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿24﴾ ع وَلَقَدْ	تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟ ﴿24﴾ ع اور بلا شبہ یقیناً
اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ	ہم نے نوح کو اسکی قوم کی طرف بھیجا (اس نے کہا)
اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿25﴾	بیشک میں تمہارے لیے واضح ڈرانے والا ہوں ﴿25﴾
اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ	(اور کہا) کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت مت کرو
اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ	بے شک میں تم پر ڈرتا ہوں
عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿26﴾	ایک دردناک دن کے عذاب سے۔ ﴿26﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- خَسِرُوْٓا : خسارہ، خائب وخاسر۔
- اَنْفُسَهُمْ : نفسا نفسی، بنفس نفیس۔
- وَ : شان وشوکت، شام وسحر۔
- ضَلَّ : ضلالت وگمراہی۔
- مَّا : ماتحت، ماحول، ماجرا۔
- يَفْتَرُوْنَ : افترا پردازی، مفتری۔
- لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحالہ۔
- فِي : فی الفور، فی الحقیقت۔
- الْاٰخِرَةِ : آخرت، یوم آخرت۔
- الْاَخْسَرُوْنَ : خسارہ، خائب وخاسر۔
- اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔
- عَمِلُوْا : عمل، اعمال، معمول۔
- الصّٰلِحٰتِ : اعمال صالحہ، صالحین۔
- اِلٰى : مکتوب الیہ، رجوع الی اللہ۔
- اَصْحٰبُ : اصحاب صفہ، اصحاب کہف۔
- فِيْهَا : فی الفور، فی الحقیقت۔
- خٰلِدُوْنَ : خالد، خلد بریں۔
- مَثَلُ : مثل، مثال، مماثلت۔
- الْفَرِيْقَيْنِ : فریق اول، فریقین۔
- الْبَصِيْرِ : بصیرت، بصارت، مبصر۔
- السَّمِيْعِ : سمع وبصر، قوت سماعت۔
- يَسْتَوِيٰنِ : مساوی، مساوات۔
- تَذَكَّرُوْنَ : تذکرہ، مذاکرہ، تذکیر۔
- اَرْسَلْنَا : رسول، مرسل، رسالت۔
- اِلٰى : الداعی الی الخیر، مرسل الیہ۔
- مُّبِيْنٌ : بیان، مبینہ، دلیل بیّن۔
- تَعْبُدُوْٓا : عابد، معبود، عبادت۔
- اَخَافُ : خوف، خائف۔
- عَلَيْكُمْ : علی العموم، علیحدہ۔
- اَلِيْمٍ : المناک حادثہ، رنج والم۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

فَقَالَ	الْمَلَاُ [1]	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ [2]
تو کہا	(ان) سرداروں (نے)	جن	سب نے کفر کیا	اس کی قوم میں سے

مَا	نَرٰىكَ	اِلَّا	بَشَرًا [3]	مِّثْلَنَا	وَ
نہیں	ہم دیکھ رہے تجھے	مگر	ایک انسان	اپنے جیسا	اور

مَا	نَرٰىكَ	اتَّبَعَكَ	اِلَّا	الَّذِيْنَ
نہیں	ہم دیکھ رہے تجھے	(کہ) تیری پیروی کی ہو	مگر	(ان لوگوں نے) جو

هُمْ [4]	اَرَاذِلُنَا	بَادِيَ الرَّاْيِ ج [5]	وَمَا	نَرٰى
(کہ) وہ سب	ہمارے رزیل (کم ترین لوگ ہیں)	ظاہری (سرسری) رائے سے	اور نہیں	ہم دیکھتے

لَكُمْ	عَلَيْنَا	مِنْ فَضْلٍ [6][3]	بَلْ	نَظُنُّكُمْ
تمہارے لیے	اپنے (آپ) پر	کوئی فضیلت	بلکہ	ہم گمان کرتے ہیں تمہیں

كٰذِبِيْنَ [7] (27)	قَالَ	يٰقَوْمِ [8]	اَ	رَءَيْتُمْ [9]	اِنْ
سب جھوٹ بولنے والے	(نوح نے) کہا	اے (میری) قوم	کیا	تم نے دیکھا	(کہ) اگر

كُنْتُ	عَلٰى بَيِّنَةٍ [10]	مِّنْ رَّبِّيْ	وَ	اٰتٰىنِيْ
میں ہوں	واضح دلیل پر	اپنے رب (کی طرف) سے	اور	اس نے مجھے دی ہو

رَحْمَةً [10]	مِّنْ عِنْدِهٖ [2]	فَعُمِّيَتْ [10]	عَلَيْكُمْ ط	اَنُلْزِمُكُمُوْهَا [11]
رحمت	اپنے پاس سے	پھر وہ چھپائی گئی ہو	تم پر	کیا ہم لازم کر سکتے ہیں تم پر اسے

وَ [12]	اَنْتُمْ	لَهَا [13]	كٰرِهُوْنَ (28)	وَ	يٰقَوْمِ [8]
اس حال میں کہ	تم	اس کو	سب ناپسند کرنے والے (ہو)	اور	اے (میری) قوم!

لَآ	اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مَالًا ط [3]	اِنْ اَجْرِيَ [14]	اِلَّا
نہیں	میں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی مال	نہیں (ہے) میرا اجر	مگر

عَلَى اللّٰهِ	وَمَآ	اَنَا	بِطَارِدِ [15]	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا ط
اللہ پر	اور نہیں (ہوں)	میں	ہرگز دور ہٹانے والا	(ان لوگوں کو) جو	سب ایمان لائے

اِنَّهُمْ	مُّلٰقُوْا	رَبِّهِمْ	وَلٰكِنِّيْٓ	اَرٰىكُمْ
بیشک وہ	سب ملنے والے (ہیں)	اپنے رب (سے)	اور لیکن میں	میں دیکھتا ہوں تمہیں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[2] ہٗ یا ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[3] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

[4] هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے۔

[5] ظاہری رائے سے مراد بغیر سوچے سمجھے ہے یعنی بالکل صاف نظر آ رہا ہو۔

[6] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[7] فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[8] يٰقَوْمِ دراصل يَاقَوْمِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے محذوف ہے۔

[9] اَرَءَيْتُمْ کا مفہوم کیا تم نے غور کیا ہے ہوتا ہے۔

[10] ة اسم کے آخر میں اور تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[11] كُمْ کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو درمیان میں "وْ" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

[12] "وَ" کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[13] لَهَا میں "لَ" دراصل "لِ" تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے "لَ" ہو جاتا ہے۔

[14] اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے اور اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

[15] بِ سے پہلے اگر نفی والا لفظ گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

عربی	اردو ترجمہ
فَقَالَ الْمَلَاُ	تو (ان) سرداروں نے کہا
الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ	اس کی قوم میں سے جنہوں نے کفر کیا
مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا	ہم تجھے نہیں دیکھ رہے مگر اپنے جیسا ایک انسان
وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ	اور ہم تجھے نہیں دیکھ رہے (کہ) تیری پیروی کی ہو
اِلَّا الَّذِیْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا	سوائے ان (لوگوں کے) جو ہمارے رذیل (کم ترین) ہیں
[9] یہ دراصل دَامَتْ تھا تْ فعل کے آخر میں واحد مونث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے، تْ کو جب اگلے لفظ سے ملائیں تو تْ کو زیر دے دیتے ہیں۔

[10] ۃ اور ات مونث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[11] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[12] تَكُ دراصل تَكُنْ تھا تخفیف کے لیے آخر سے نْ حذف کیا گیا ہے۔

[13] مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

[14] یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ	یہ وہ دن ہے (کہ) اس میں لوگ جمع کیے جانیوالے ہیں
وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿103﴾	اور یہ وہ دن ہے (کہ ہر ایک) حاضر کیا جانیوالا ہے ﴿103﴾
وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا	اور ہم اس (دن) کو مؤخر نہیں کرتے مگر
لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ؕ ﴿104﴾	ایک وقت مقرر (پورا کرنے) کے لیے۔ ﴿104﴾
يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ	جس دن وہ (وقت) آجائے گا (تو) بات (بھی) نہ کرسکے گا
نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ	کوئی شخص مگر اس کی اجازت سے، پھر ان میں سے
شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿105﴾ فَاَمَّا	کوئی بدبخت اور کوئی خوش قسمت ہوگا ﴿105﴾ پھر رہے
الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ	وہ (لوگ) جو بدبخت ہوئے تو وہ آگ میں ہونگے
لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ۙ ﴿106﴾	ان کے لیے اس میں چیخنا چلانا اور دھاڑنا ہوگا۔ ﴿106﴾
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا	(وہ) اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں
مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ	جب تک تمام آسمان اور زمین قائم رہیں گے
اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ	مگر جو آپ کا رب چاہے، بیشک آپ کا رب
فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿107﴾	جو وہ چاہتا ہے اس کو کر گزرنے والا ہے۔ ﴿107﴾
وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا	اور رہے وہ (لوگ) جو خوش قسمت بنائے گئے
فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا	تو (وہ) جنت میں ہونگے اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں
مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ	جب تک تمام آسمان اور زمین قائم ہیں
اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ	مگر جو آپ کا رب چاہے
عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿108﴾	(یہ) ایسی عطا ہے (جو) ختم کی جانے والی نہیں۔ ﴿108﴾
فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا	پس آپ اس سے شک میں نہ ہوں جس کی
يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا	یہ لوگ عبادت کرتے ہیں، یہ عبادت نہیں کرتے مگر

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- يَوْمٌ : یوم، ایام، یوم پاکستان۔
- مَّجْمُوْعٌ : جمع، جامع، مجمع، مجموعہ۔
- النَّاسُ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
- مَّشْهُوْدٌ : شاہد، شہید، شہادت۔
- نُؤَخِّرُهٗٓ : تاخیر، مؤخر کرنا۔
- اِلَّا : الاماشاء اللہ، الا قلیل۔
- لِاَجَلٍ : لقمۂ اجل، فرشتۂ اجل۔
- مَّعْدُوْدٍ : تعداد، عدد، معدود۔
- لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحالہ۔
- تَكَلَّمُ : کلام، تکلم، متکلم۔
- بِاِذْنِهٖ : اذن عام، باذن اللہ۔
- شَقِيٌّ : شقاوت، شقی القلب۔
- سَعِيْدٌ : سعید، سعادت مند۔
- النَّارِ : نوری وناری مخلوق۔
- خٰلِدِيْنَ : خُلدبریں، خالد، مخلد۔
- دَامَتِ : دوام، دائمی مریض۔
- السَّمٰوٰتُ : ارض وسما، کتب سماویہ۔
- الْاَرْضُ : ارض وسما، کرۂ ارض۔
- شَآءَ : ماشاء اللہ، مشیّت الٰہی۔
- فَعَّالٌ : فعل، فاعل، مفعول۔
- يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔
- سُعِدُوْا : سعادت دارین، عید سعید۔
- مَا : ماحول، ماتحت، ماورا۔
- عَطَآءً : عطا کرنا، عطیہ۔
- غَيْرَ : غیر، اغیار، غیر اللہ۔
- فَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
- فِيْ : فی الحال، فی الفور۔
- مِّمَّا : من جملہ / ماحول، ماتحت۔
- يَعْبُدُ : عابد، معبود، عبادت۔
- اِلَّا : الا یہ کہ، الا قلیل۔

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] ''کَ'' اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔

[2] یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[3] هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔

[4] شروع میں ''لَ'' تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ بلاشبہ یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

[5] وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا ''ا'' حذف ہو جاتا ہے۔

[6] لَوْلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہ اور اگر اسم ہو تو ترجمہ اگر نہ کیا جاتا ہے۔

[7] ةٌ اسم کے آخر میں اور تْ فعل کے آخر میں واحد مونث کی علامت ہے، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[8] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے

[9] ''لَ'' فعل کے شروع میں اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

[10] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[11] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[12] علامت ''تَ'' واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

[13] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[14] علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس کے ترجمہ میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

كَمَا [1]	يَعْبُدُ [2]	اٰبَآؤُهُمْ [3]	مِّنْ قَبْلُ ؕ	وَ	اِنَّا
جس طرح	عبادت کرتے (تھے)	انکے آباؤاجداد	(اس) سے قبل	اور	بیشک ہم

لَمُوَفُّوْهُمْ [4][5][3]	نَصِيْبَهُمْ [3]	غَيْرَ	مَنْقُوْصٍ ﴿109﴾
یقیناً پورا پورا دینے والے ہیں اُن کو	اُن کا حصہ	(کہ اس میں) نہیں	کوئی کمی کی گئی ہو گی

ع 14 9

وَلَقَدْ [4]	اٰتَيْنَا	مُوْسَى الْكِتٰبَ	فَاخْتُلِفَ	فِيْهِ ؕ
اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے دی	موسیٰ کو کتاب	پھر اختلاف کیا گیا	اس میں

وَلَوْ لَا [6]	كَلِمَةٌ [7]	سَبَقَتْ [7]	مِنْ رَّبِّكَ	لَقُضِيَ [4][8]
اور اگر نہ (ہوتی)	وہ بات	(جو) پہلے گزر چکی	تیرے رب (کی طرف) سے	(تو) ضرور فیصلہ کر دیا جاتا

بَيْنَهُمْ [3] ؕ	وَاِنَّهُمْ	لَفِيْ شَكٍّ [4]	مِّنْهُ	مُرِيْبٍ ﴿110﴾
انکے درمیان	اور بے شک وہ	یقیناً شک میں (ہیں)	اس سے	(جو) بے چین کرنے والا (ہے)

وَاِنَّ	كُلًّا	لَّمَّا	لَيُوَفِّيَنَّهُمْ [9][2][3]	رَبُّكَ
اور بیشک	ہر ایک کو	اس وقت	ضرور بالضرور پورا پورا بدلہ دے گا انہیں	تیرا رب

اَعْمَالَهُمْ [3] ؕ	اِنَّهٗ	بِمَا [10]	يَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ ﴿111﴾
ان کے اعمال (کا)	بیشک وہ	(اس) سے جو	وہ سب کرتے ہیں	خوب خبردار (ہے)

فَاسْتَقِمْ	كَمَآ [1]	اُمِرْتَ [8]	وَمَنْ	تَابَ
پس آپ ثابت قدم رہیں	جیسا کہ	آپ حکم کیے گئے ہیں	اور (وہ بھی) جس نے	توبہ کی

مَعَكَ	وَ	لَا تَطْغَوْا [11] ؕ	اِنَّهٗ	بِمَا [10]
آپ کے ساتھ	اور	نہ تم سب سرکشی کرو	بیشک وہ	(اس) کو جو

تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ ﴿112﴾	وَ	لَا تَرْكَنُوْٓا [11]	اِلَى الَّذِيْنَ
تم سب کرتے ہو	خوب دیکھنے والا (ہے)	اور	مت تم سب جھکو	(ان لوگوں) کی طرف جن

ظَلَمُوْا	فَتَمَسَّكُمُ [12]	النَّارُ ۙ	وَمَا	لَكُمْ
سب نے ظلم کیا	ورنہ چھوئے گی تمہیں	آگ	اور نہیں (ہوں گے)	تمہارے لیے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ [13]	مِنْ اَوْلِيَآءَ [13]	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ [14] ﴿113﴾
اللہ کے سوا	کوئی دوست	پھر	تم سب نہیں مدد کیے جاؤ گے

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ	جیسے اس سے پہلے انکے آباؤاجداد عبادت کرتے تھے
وَ اِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ	اور بیشک ہم یقیناً ان کو پورا پورا دینے والے ہیں
نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿109﴾ ع 14	ان کا حصہ (کہ اس میں) کوئی کمی نہیں کی گئی ہو گی۔ ﴿109﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے موسیٰ کو کتاب دی
فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْ لَا كَلِمَةٌ	پھر اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر وہ بات نہ ہوتی
سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ	(جو) آپ کے رب کی طرف سے پہلے طے ہو چکی
لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ	(تو) ضرور ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا، اور بیشک وہ
لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿110﴾	یقیناً اس سے بے چین کرنے والے شک میں ہیں ﴿110﴾
وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا	اور بیشک اس وقت ہر ایک کو
لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ	آپ کا رب ضرور بالضرور اُنہیں پورا پورا بدلہ دے گا
اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا	ان کے اعمال کا، بے شک وہ اس سے جو
يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿111﴾	وہ کرتے ہیں خوب خبردار ہے۔ ﴿111﴾
فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ	پس آپ ثابت قدم رہیں جیسا کہ آپ حکم کیے گئے ہیں
وَمَنْ تَابَ مَعَكَ	اور وہ (لوگ بھی) جنہوں نے آپ کے ساتھ توبہ کی
وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ	اور تم سرکشی نہ کرو، بے شک وہ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿112﴾	اس کو جو تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿112﴾
وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	اور ان (لوگوں) کی طرف نہ جھکو جنہوں نے ظلم کیا
فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ	ورنہ تمہیں آگ چھوئے گی
وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اور تمہارے لیے اللہ کے سوا نہیں ہونگے
مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿113﴾	کوئی دوست پھر تم مدد نہیں کیے جاؤ گے۔ ﴿113﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

كَمَا : کماحقہ، کالعدم/ ماحول، ماجرا۔
يَعْبُدُ : عابد، معبود، عبادت۔
اٰبَآؤُهُمْ : آباؤاجداد، آبائی شہر۔
مِنْ : منجانب، منجملہ، من وعن۔
قَبْلُ : چنددن قبل، قبل از کلام۔
لَمُوَفُّوْهُمْ : وعدہ وفا، ایفائے عہد۔
نَصِيْبَهُمْ : نصیب، خوش نصیب۔
غَيْرَ : غیر، اغیار، غیر منقوط۔
مَنْقُوْصٍ : نقص، تنقیص، نقائص۔
فَاخْتُلِفَ : اختلاف، مختلف، اختلافات۔
كَلِمَةٌ : کلمہ حق، کلمہ طیبہ۔
سَبَقَتْ : سبقت، اقوام سابقہ۔
لَقُضِيَ : قاضی، قضائے الٰہی۔
بَيْنَهُمْ : بین الاقوامی، بین السطور۔
شَكٍّ : شک وشبہ، مشکوک۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
خَبِيْرٌ : خبر، اخبار، مخبر، خبریں۔
فَاسْتَقِمْ : استقامت، خط مستقیم۔
كَمَا : کماحقہ، کالعدم۔
اُمِرْتَ : امر، آمر، مامور، امر ربی۔
تَابَ : توبہ، تائب۔
مَعَكَ : معیّت، مع اہل وعیال۔
لَا : لاعلاج، لاجواب، لاتعداد۔
تَطْغَوْا : طغیانی، طاغوت۔
بَصِيْرٌ : بصارت، سمع وبصر، تبصرہ۔
ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم۔
فَتَمَسَّكُمْ : مس کرنا۔
النَّارُ : نوری وناری مخلوق۔
اَوْلِيَآءَ : ولی، ولائت، اولیاء۔
تُنْصَرُوْنَ : ناصر، انصار، نصرت۔

وَ	اَقِمِ [1]	الصَّلوٰةَ [2]	طَرَفَيِ النَّهَارِ [3]	وَ
اور	آپ قائم کریں	نماز	دن کے دونوں کناروں (میں)	اور
زُلَفًا مِّنَ الَّيۡلِ ؕ [4]	اِنَّ	الۡحَسَنٰتِ	يُذۡهِبۡنَ [5]	
رات کی کچھ گھڑیوں میں (بھی)	بیشک	نیکیاں	دور کردیتی ہیں	
السَّيِّاٰتِ ؕ [2]	ذٰلِكَ	ذِكۡرٰى	لِلذّٰكِرِيۡنَ ۚ ﴿114﴾	وَاصۡبِرۡ
برائیوں (کو)	یہ	نصیحت (ہے)	یاد رکھنے والوں کے لیے	اور آپ صبر کیجیے
فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يُضِيۡعُ	اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ [6] ﴿115﴾
پس بیشک	اللہ	نہیں	وہ ضائع کرتا	نیکی کرنے والوں کا اجر
فَلَوۡلَا [7]	كَانَ [8]	مِنَ الۡقُرُوۡنِ	مِنۡ قَبۡلِكُمۡ	اُولُوۡا بَقِيَّةٍ [2]
پھر کیوں نہ	ہوئے	(ان) اُمتوں میں سے	(جو) تم سے پہلے (تھیں)	(کچھ لوگ) بھلائی والے
يَّنۡهَوۡنَ	عَنِ الۡفَسَادِ	فِى الۡاَرۡضِ	اِلَّا	قَلِيۡلًا
(کہ) وہ سب منع کرتے	فساد کرنے سے	زمین میں	سوائے	تھوڑے سے
مِّمَّنۡ [9]	اَنۡجَيۡنَا [10]	مِنۡهُمۡ ۚ	وَاتَّبَعَ	الَّذِيۡنَ
(ان لوگوں) سے جن کو	ہم نے نجات دی	ان میں سے	اور پیچھے لگے	(وہ لوگ) جن
ظَلَمُوۡا	مَاۤ [11]	اُتۡرِفُوۡا [12]	فِيۡهِ	وَ
سب نے ظلم کیا	(ان چیزوں کے) جو (کہ)	وہ سب آسودگی دیے گئے	اس میں	اور
كَانُوۡا [8]	مُجۡرِمِيۡنَ [6] ﴿116﴾	وَمَا [11]	كَانَ [8]	رَبُّكَ
تھے وہ سب	سب جرم کرنے والے	اور نہیں	ہے	آپ کا رب
لِيُهۡلِكَ [13]	الۡقُرٰى	بِظُلۡمٍ	وَّ	اَهۡلُهَا
کہ وہ ہلاک کرے	بستیوں (کو)	ظلم سے	اس حال میں (کہ)	ان کے رہنے والے
مُصۡلِحُوۡنَ [6] ﴿117﴾	وَلَوۡ	شَآءَ	رَبُّكَ	لَجَعَلَ	النَّاسَ [2]
سب اصلاح کرنے والے ہوں	اور اگر	چاہتا	آپ کا رب	ضرور بنا دیتا	لوگوں (کو)
اُمَّةً وَّاحِدَةً	وَّ	لَا يَزَالُوۡنَ [14]	مُخۡتَلِفِيۡنَ [6] ﴿118﴾ لا	
ایک ہی امت	اور	(لیکن) وہ سب ہمیشہ رہیں گے	سب اختلاف کرنے والے	

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اَقِمِ دراصل اَقِمۡ تھا، اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دی گئی ہے۔

[2] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[3] طَرَفَيِ دراصل طَرَفَيۡنِ تھا، گرامر کی رو سے آخر سے نِ گری ہوئی ہے۔

[4] یہاں پر علامت مِنۡ کا ترجمہ ضرورتاً کی کیا گیا ہے۔

[5] یہاں يـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں اور ـنَ جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[6] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[7] لَوۡلَا کا اصل ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے، لیکن اس کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں کیا جاتا ہے۔

[8] كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[9] مِمَّنۡ دراصل مِنۡ + مَنۡ کا مجموعہ ہے

[10] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[11] مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[12] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[13] فعل کے شروع میں "لِـ" اور آخر میں زبر ہو تو اس "لِـ" کا ترجمہ کہ یا تاکہ کیا جاتا ہے۔

[14] ذَالَ، يَزَالُ فعل سے پہلے اگر حرف مَا یا لَا آجائے تو دونوں کا ملا کر ترجمہ ہمیشہ کیا جاتا ہے۔

وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ	اور آپ دن کے دونوں کناروں میں نماز قائم کریں
وَ زُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ	اور رات کی کچھ گھڑیوں میں (بھی)
اِنَّ الْحَسَنٰتِ	بے شک نیکیاں
يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ	برائیوں کو دور کر دیتی ہیں
ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ۚ ﴿114﴾	یہ نصیحت یاد رکھنے والوں کے لیے ہے۔ ﴿114﴾
وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ	اور آپ صبر کیجیے پس بے شک اللہ
لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿115﴾	نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ ﴿115﴾
فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ	پھر (ان) اُمتوں میں سے کیوں نہ ہوئے
مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ	(کچھ لوگ) بھلائی والے (جو) تم سے پہلے تھیں
يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ	(کہ) وہ زمین میں فساد کرنے سے منع کرتے
اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ	مگر ان میں سے تھوڑے سے جنہیں ہم نے نجات دی
وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	اور وہ (لوگ) جنہوں نے ظلم کیا وہ پڑ گئے
مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ	(ان چیزوں کے) جن میں وہ آسودگی دیے گئے تھے
وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿116﴾	اور وہ مجرم تھے۔ ﴿116﴾
وَمَا كَانَ رَبُّكَ	اور آپ کا رب (ایسا) نہیں ہے
لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ	کہ وہ بستیوں کو ظلم سے ہلاک کرے
وَّ اَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿117﴾	جبکہ اُنکے رہنے والے اصلاح کرنے والے ہوں ﴿117﴾
وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ	اور اگر آپ کا رب چاہتا (تو)
لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً	ضرور سب لوگوں کو ایک ہی امت بنا دیتا
وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ۙ ﴿118﴾	اور (لیکن) وہ ہمیشہ اختلاف کرنے والے رہیں گے ﴿118﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اَقِمِ : قائم، قیام، مقیم۔
الصَّلٰوةَ : صوم وصلوٰة، مصلّٰی۔
طَرَفَيِ : طرفین، تمام اطراف۔
النَّهَارِ : لیل ونہار، نہار منہ۔
الْحَسَنٰتِ : حسنات، احسن الجزاء۔
السَّيِّاٰتِ : سیّئات، علمائے سوء۔
ذِكْرٰى : ذکر، ذاکر، مذکور، ذکر الٰہی۔
اصْبِرْ : صبر، صابر، صابر وشاکر۔
لَا : لاتعداد، لاجواب، لاعلم۔
يُضِيْعُ : ضائع، ضیاع۔
اَجْرَ : اجر عظیم، اجر وثواب۔
مِنَ : منجانب، من جملہ۔
الْقُرُوْنِ : قرون اُولیٰ، قرون وسطیٰ۔
اُولُوْا : اولوالعزم، اولوالامر۔
يَنْهَوْنَ : اوامر ونواہی، منہیات۔
الْاَرْضِ : ارض وسما، کرۂ ارض۔
اِلَّا : الاقلیل، الا یہ کہ۔
قَلِيْلًا : قلت وکثرت، قلیل تعداد۔
اَنْجَيْنَا : نجات دہندہ، فرقہ ناجیہ۔
اتَّبَعَ : اتباع، متبع سنت، تابع۔
ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم۔
مَآ : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
مُجْرِمِيْنَ : جرم، جرائم، مجرم۔
لِيُهْلِكَ : ہلاک، مہلک، ہلاکت۔
الْقُرٰى : قریہ قریہ بستی بستی۔
اَهْلُهَا : اہل وعیال، اہل حق۔
مُصْلِحُوْنَ : اصلاح، صالح، صلح۔
شَآءَ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ۔
وَّاحِدَةً : واحد، وحدت، وحدانیت۔
مُخْتَلِفِيْنَ : اختلاف، مختلف۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے　• نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے　• سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

إِلَّا	مَنْ [1]	رَّحِمَ	رَبُّكَ ط	وَ	لِذٰلِكَ [2]
مگر	جس پر	رحم کیا	آپ کے رب (نے)	اور	اسی لیے

خَلَقَهُمْ ط	وَ	تَمَّتْ [3]	كَلِمَةُ رَبِّكَ [4]	لَاَمْلَئَنَّ [5]
اس نے پیدا کیا انہیں	اور	پوری ہوئی	آپکے رب کی بات	(کہ) ضرور بالضرور میں بھر دوں گا

جَهَنَّمَ	مِنَ الْجِنَّةِ [4]	وَ	النَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ [6] (119)
جہنم (کو)	(سرکش) جنوں سے	اور	انسانوں (سے)	سب کے سب

وَ	كُلًّا	نَّقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ
اور	ہر (ضروری چیز کو)	ہم بیان کرتے ہیں	آپ پر	رسولوں کی خبروں میں سے

مَا [7]	نُثَبِّتُ	بِهٖ	فُؤَادَكَ ج	وَجَآءَكَ
جس سے	ہم مضبوط رکھتے ہیں	اس کے ساتھ	آپ کے دل (کو)	اور آیا آپکے پاس

فِيْ هٰذِهِ	الْحَقُّ	وَ	مَوْعِظَةٌ [4]	وَّ	ذِكْرٰى
ان (واقعات) میں	حق	اور	نصیحت	اور	یاددہانی

لِلْمُؤْمِنِيْنَ (120)	وَقُلْ [8]	لِّلَّذِيْنَ [9]	لَا يُؤْمِنُوْنَ [10]
سب ایمان والوں کے لیے	اور آپ کہہ دیجیے	(ان لوگوں) سے جو	نہیں وہ سب ایمان لاتے

اعْمَلُوْا	عَلٰى مَكَانَتِكُمْ	اِنَّا	عٰمِلُوْنَ [11] لا (121)
تم سب عمل کرو	اپنی جگہ پر	بیشک ہم	سب عمل کرنے والے (ہیں)

وَ	انْتَظِرُوْا ج	اِنَّا	مُنْتَظِرُوْنَ (122)	وَلِلّٰهِ
اور	تم سب انتظار کرو	بیشک ہم	سب انتظار کرنے والے (ہیں)	اور اللہ کے لیے

غَيْبُ السَّمٰوٰتِ [4]	وَالْاَرْضِ	وَ	اِلَيْهِ	يُرْجَعُ [12]
آسمانوں کا غیب	اور زمین (کا)	اور	اسی کی طرف	لوٹائے جاتے ہیں

الْاَمْرُ	كُلُّهٗ	فَاعْبُدْهُ	وَتَوَكَّلْ [13]	عَلَيْهِ ط
کام	وہ سب کے سب	سو آپ عبادت کریں اس کی	اور آپ بھروسا کریں	اسی پر

وَمَا [7]	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ [14]	عَمَّا [15]	تَعْمَلُوْنَ ع (123)
اور نہیں	آپ کا رب	ہرگز غافل	(اس) سے جو	تم سب کرتے ہو

ع 10 14 10

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. مَنْ کا ترجمہ عموماً جو، جس یا کون، کس کیا جاتا ہے۔
2. ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔
3. تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
4. ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
5. لَ فعل کے شروع میں اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔
6. اَجْمَعِيْنَ کا لفظ تاکید کے لیے آیا ہے۔
7. مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔
8. قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق درمیان سے "و" محذوف ہے۔
9. قَالَ، يَقُوْلُ کے بعد لِ کا ترجمہ عموماً سے کیا جاتا ہے۔
10. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
11. فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔
12. اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔
13. علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔
14. بِ سے پہلے اگر نفی والا لفظ گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس سے جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے۔
15. عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے　● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے　● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ	مگر جس پر آپ کے رب نے رحم کیا
وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ	اور اس نے انہیں اسی لیے پیدا کیا
وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ	اور آپ کے رب کی بات پوری ہوئی
لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ	(کہ) بلاشبہ ضرور میں جہنم کو بھر دوں گا
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿119﴾	سب (سرکش) جنوں اور انسانوں سے۔ ﴿119﴾
وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ	اور ہر (ضروری) چیز کو ہم آپ پر بیان کرتے ہیں
مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ	رسولوں کی خبروں میں سے
مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ	جس کے ساتھ ہم آپ کے دل کو مضبوط رکھتے ہیں
وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ	اور آپ کے پاس ان (واقعات) میں حق آیا ہے
وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿120﴾	اور مؤمنوں کے لیے نصیحت اور یاددہانی ہے۔ ﴿120﴾
وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ	اور آپ ان (لوگوں) سے کہہ دیجیے جو ایمان نہیں لاتے
اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ؕ	تم اپنی جگہ پر عمل کرو
اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿121﴾ لا	بیشک ہم (بھی اپنی جگہ) عمل کرنے والے ہیں۔ ﴿121﴾
وَانْتَظِرُوْا ۚ	اور تم (اعمال کے نتیجے کا) انتظار کرو
اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿122﴾	بیشک ہم (بھی) انتظار کرنے والے ہیں۔ ﴿122﴾
وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کا غیب ہے
وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ	اور سب کے سب کام اسی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں
فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ؕ	سو آپ اسی کی عبادت کریں اور اسی پر بھروسا کریں
وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ	اور آپ کا رب ہرگز غافل نہیں ہے
عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿123﴾ ع	اس سے جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿123﴾ ع

ع 10 14 10

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- اِلَّا : الا قلیل، الا ماشاء اللہ۔
- رَّحِمَ : رحم، رحمت، مرحوم۔
- خَلَقَهُمْ : خلق، مخلوق، تخلیق۔
- تَمَّتْ : اتمام حجت، تمام۔
- كَلِمَةُ : کلمہ حق، کلمات خیر۔
- اَجْمَعِيْنَ : جمع، جامع، مجمع۔
- عَلَيْكَ : علی الاعلان، علی العموم۔
- مِنْ : من جملہ، من حیث القوم۔
- نَّقُصُّ : قصص الانبیا، قصہ گوئی۔
- اَنْۢبَآءِ : نبی، نبوت، انبیا۔
- نُثَبِّتُ : ثابت قدم، اثبات، ثبوت۔
- مَوْعِظَةٌ : وعظ و نصیحت، واعظین۔
- ذِكْرٰى : ذکر، مذاکرہ، تذکرہ۔
- لِلْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
- قُلْ : قول، اقوال، مقولہ۔
- عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم۔
- مَكَانَتِكُمْ : مکان، مکین، کون و مکاں۔
- عٰمِلُوْنَ : عمل، عامل، اعمال۔
- انْتَظِرُوْا : انتظار، منتظر، انتظار گاہ۔
- لِلّٰهِ : لہٰذا، الحمد للہ۔
- غَيْبُ : علم غیب، غیبی امداد۔
- السَّمٰوٰتِ : ارض و سما، کتب سماویہ۔
- اِلَيْهِ : مکتوب الیہ، رجوع الی اللہ۔
- يُرْجَعُ : رجوع، مصادر و مراجع۔
- الْاَمْرُ : امر، آمر، مامور، آمریت۔
- كُلُّهٗ : کلی طور پر، کل رقم۔
- فَاعْبُدْهُ : عابد، معبود، عبادت خانہ۔
- تَوَكَّلْ : توکل علی اللہ، متوکل۔
- بِغَافِلٍ : غافل، غفلت، تغافل۔
- تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول۔

اٰيَاتُهَا: 111 | 12 سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ 53 | رُكُوْعَاتُهَا: 12

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ قف	تِلْكَ [1]	اٰيٰتُ [2]	الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ (1) قف	اِنَّآ [3]
الٓر	یہ	آیتیں (ہیں)	واضح کتاب (کی)	بیشک ہم

اَنْزَلْنٰهُ [4]	قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا	لَّعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ (2)
ہم نے نازل کیا ہے اس کو	عربی قرآن (بناکر)	تاکہ تم	تم سب سمجھ سکو

نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	اَحْسَنَ الْقَصَصِ [5]	بِمَآ [6]
ہم	ہم بیان کرتے ہیں	آپ پر	سب سے اچھا بیان	اس ذریعہ سے کہ

اَوْحَيْنَآ [4]	اِلَيْكَ	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ ۖ	وَاِنْ [7]
ہم نے وحی کیا ہے	آپ کی طرف	یہ	قرآن	اور یقیناً

كُنْتَ	مِنْ قَبْلِهٖ	لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ (3)	اِذْ	قَالَ
آپ تھے	اس سے قبل	ضرور بے خبروں میں سے	جب	کہا

يُوْسُفُ [8]	لِاَبِيْهِ [9]	يٰٓاَبَتِ [10]	اِنِّيْ	رَاَيْتُ
یوسف (نے)	اپنے باپ سے	اے (میرے) اباجان!	بیشک میں	میں نے دیکھا

اَحَدَ عَشَرَ	كَوْكَبًا	وَّ	الشَّمْسَ	وَ	الْقَمَرَ
گیارہ	ستاروں (کو)	اور	سورج (کو)	اور	چاند (کو)

رَاَيْتُهُمْ	لِيْ	سٰجِدِيْنَ (4)	قَالَ	يٰبُنَيَّ [11]
میں نے دیکھا ان کو	مجھ کو	سب سجدہ کرنے والے (ہیں)	(یعقوب نے) کہا	اے میرے بیٹے

لَا تَقْصُصْ [12]	رُءْيَاكَ [13]	عَلٰٓى اِخْوَتِكَ [13]	فَيَكِيْدُوْا [14]
تو مت بیان کرنا	اپنا خواب	اپنے بھائیوں پر	ورنہ وہ سب تدبیر کریں گے

لَكَ	كَيْدًا ط [15]	اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	لِلْاِنْسَانِ [16]
تیرے لیے	کوئی (بری) تدبیر	بیشک	شیطان	انسان کا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (5)	وَ	كَذٰلِكَ	يَجْتَبِيْكَ [17]	رَبُّكَ
کھلا دشمن (ہے)	اور	اسی طرح	چنے گا تجھے	تیرا رب

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

2 ات جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

3 اِنَّآ دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔

4 نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

5 اسم کے شروع میں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

6 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بذریعہ کیا جاتا ہے۔

7 اِنْ دراصل اِنَّ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے اِنْ استعمال ہوا ہے۔

8 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

9 قَالَ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے

10 یَآ اَبَتِ دراصل یَآ اَبِیْ تھا، پیار سے مخاطب کرنے کے لیے یْ کی بجائے تِ استعمال ہوتا ہے۔

11 یٰبُنَیَّ دراصل یَا + بُنَیُوٌ + یْ تھا جو گرامر کی رو سے بُنَیَّ ہو گیا اور عرب لوگ پیار سے اِبْنٌ کو بُنَیٌّ بولتے تھے، جس کا ترجمہ "اے میرے پیارے بیٹے" ہے۔

12 اگر لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

13 كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

14 یہاں فَ کا ترجمہ ورنہ کیا گیا ہے۔

15 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

16 اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ عموماً کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔

17 یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اٰيَاتُهَا: 111 | 12 سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ 53 | رُكُوْعَاتُهَا: 12

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿1﴾	الٓرٰ، یہ واضح کتاب کی آیات ہیں۔ ﴿1﴾
اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا	بیشک ہم نے اس کو عربی قرآن (بناکر) نازل کیا ہے
لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿2﴾	تاکہ تم سمجھو۔ ﴿2﴾
نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ	ہم آپ پر بیان کرتے ہیں
اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ	بہترین بیان اس ذریعہ سے کہ
اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ	ہم نے آپ کی طرف یہ قرآن وحی کیا ہے
وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ	اور بے شک آپ اس سے پہلے تھے
لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿3﴾	یقیناً بے خبروں میں سے۔ ﴿3﴾
اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ	جب یوسف نے اپنے والد سے کہا
يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ	اے میرے اباجان! بیشک میں نے دیکھا ہے گیارہ
كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ	ستاروں کو اور سورج اور چاند کو
رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ﴿4﴾	میں نے ان کو اپنے لیے سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ﴿4﴾
قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ	(یعقوب نے) کہا اے میرے پیارے بیٹے تم مت بیان کرنا
رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ	اپنا خواب اپنے بھائیوں پر
فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ۭ	ورنہ وہ تیرے لیے تدبیر کریں گے کوئی (بری) تدبیر
اِنَّ الشَّيْطٰنَ	بے شک شیطان
لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿5﴾	انسان کا کھلا دشمن ہے۔ ﴿5﴾
وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ	اور اسی طرح تیرا رب تجھے چنے گا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اٰيٰتُ : آیت، آیات۔
الْكِتٰبِ : کتاب، کتابیں۔
الْمُبِيْنِ : مبینہ طور پر، بیّن دلیل۔
اَنْزَلْنٰهُ : نازل، نزول، منزل من اللہ۔
عَرَبِيًّا : اہل عرب، عربی زبان۔
تَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول۔
نَقُصُّ : قصہ گوئی، قصص الانبیاء۔
عَلَيْكَ : علی الاعلان، علی العموم۔
اَحْسَنَ : احسن، محسن، محاسن۔
الْقَصَصِ : قصص الانبیا، قصہ گوئی۔
اَوْحَيْنَآ : وحی، سلسلہ وحی۔
اِلَيْكَ : الداعی الی الخیر، مرسل الیہ۔
مِنْ : منجانب، من جملہ۔
قَبْلِهٖ : چند دن قبل، قبل از وقت۔
الْغٰفِلِيْنَ : غافل، غفلت۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ۔
لِاَبِيْهِ : آباؤاجداد، آبائی شہر۔
يٰٓاَبَتِ : یااللہ/آباؤاجداد، آبائی۔
رَاَيْتُ : رؤیت باری تعالیٰ، مرئی۔
اَحَدَ : احد، واحد، وحدانیت۔
عَشَرَ : عشر، عاشورہ، آخری عشرہ۔
كَوْكَبًا : کوکب، کواکب۔
الشَّمْسَ : شمسی توانائی، نظام شمسی۔
الْقَمَرَ : قمری مہینہ، شمس وقمر۔
سٰجِدِيْنَ : سجدہ، ساجد، مسجود ملائکہ۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ۔
لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحالہ۔
تَقْصُصْ : قصہ گوئی، قصص القرآن۔
عَدُوٌّ : عدو، اعدائے دین، عداوت۔
مُّبِيْنٌ : مبینہ طور پر، دلیل بیّن۔

وَ	يُعَلِّمُكَ [1]	مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ	وَ	يُتِمُّ
اور	وہ سکھائے گا تجھے	باتوں کی تعبیر (اصل حقیقت) سے	اور	وہ پوری کرے گا

نِعْمَتَهٗ [2]	عَلَيْكَ	وَ	عَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوبَ	كَمَآ
اپنی نعمت	تجھ پر	اور	آل یعقوب پر	جس طرح

اَتَمَّهَا	عَلٰٓى اَبَوَيْكَ [3][1]	مِنْ قَبْلُ	اِبْرٰهِيمَ	وَ
اس نے پورا کیا تھا اسے	تیرے دونوں باپ دادا پر	(اس) سے پہلے	ابراہیم	اور

ع 6 / 1 / 11

اِسْحٰقَ ط	اِنَّ رَبَّكَ	عَلِيمٌ [4]	حَكِيمٌ [4] (6)	لَقَدْ	كَانَ
اسحاق (پر)	بیشک تیرا رب	خوب جاننے والا	بہت حکمت والا (ہے)	بلاشبہ یقیناً	ہیں

فِي يُوسُفَ	وَ	اِخْوَتِهٖٓ [2]	اٰيٰتٌ [5]	لِّلسَّآئِلِينَ [6] (7)
یوسف میں	اور	اس کے بھائیوں (میں)	نشانیاں (ہیں)	سوال کرنے والوں کے لیے

اِذْ	قَالُوا	لَيُوسُفُ [6]	وَ	اَخُوهُ [2]	اَحَبُّ [7]
جب	اُنہوں نے کہا	یقیناً یوسف	اور	اس کا بھائی	زیادہ پیارے (ہیں)

اِلٰٓى اَبِينَا [8]	مِنَّا [9]	وَنَحْنُ	عُصْبَةٌ ط [10][5]	اِنَّ	اَبَانَا
ہمارے باپ کے ہاں	ہم سے	حالانکہ ہم	ایک (طاقتور) جماعت (ہیں)	بیشک	ہمارا باپ

لَفِي ضَلٰلٍ مُّبِينٍ صلے ج [6] (8)	اقْتُلُوا	يُوسُفَ	اَوِ	اطْرَحُوهُ [2][11]
یقیناً واضح (طور پر) غلطی میں (ہے)	تم سب قتل کردو	یوسف (کو)	یا	تم سب پھینک دو اسے

اَرْضًا [10]	يَخْلُ [12]	لَكُمْ	وَجْهُ اَبِيكُمْ	وَ	تَكُونُوا
کسی زمین (میں)	(کہ) خالی ہوجائے	تمہارے لیے	تمہارے باپ کا چہرہ	اور	تم سب ہوجانا

مِنْ بَعْدِهٖ [13]	قَوْمًا صٰلِحِينَ [14] (9)	قَالَ	قَآئِلٌ [10]	مِّنْهُمْ
اس کے بعد	سب نیک لوگ	کہا	ایک کہنے والے (نے)	ان میں سے

لَا تَقْتُلُوا [15]	يُوسُفَ	وَ	اَلْقُوهُ [2][11]	فِي غَيٰبَتِ الْجُبِّ
مت تم سب قتل کرو	یوسف (کو)	اور	تم سب پھینک دو اسے	کنویں کی گہرائی (تاریکی) میں

يَلْتَقِطْهُ [2][12]	بَعْضُ السَّيَّارَةِ [5]	اِنْ	كُنْتُمْ	فٰعِلِينَ (10)
اٹھالے گا اسے	کوئی راہ چلتا (قافلہ)	اگر	ہو تم	سب کرنے والے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 كَ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تجھے اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

2 هٗ یا هٖ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے۔

3 اَبَوَيْكَ دراصل اَبَوَيْنِ + كَ کا مجموعہ ہے درمیان میں سے نِ گرامر کے اصول کے مطابق حذف ہوگئی ہے۔

4 فَعِيلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت یا خوب کیا گیا ہے۔

5 ةٌ اور اتٌ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

6 شروع میں لِ کا ترجمہ کے لیے اور لَ کا ترجمہ یقیناً یا ضرور کیا جاتا ہے۔

7 اسم کے شروع میں علامت ”أ“ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

8 یعنی ہمارے باپ کی زیادہ شفقت ہماری بجائے یوسف اور اسکے بھائی کی طرف ہے، یہاں اِلٰى کا ترجمہ ضرورتاً کے ہاں کیا گیا ہے۔

9 مِنَّا دراصل مِنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔

10 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک، کسی، کوئی کیا جاتا ہے

11 وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا ”ا“ حذف ہو جاتا ہے۔

12 یہاں یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

13 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

14 قَوْمًا لفظاً واحد اور معناً جمع ہے اس لیے اسکے ساتھ صٰلِحِينَ جمع آیا ہے۔

15 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ	اور وہ تجھے (خواب کی) باتوں کی تعبیر سکھائے گا
وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ	اور وہ تجھ پر اپنی نعمت پوری کرے گا اور
عَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا	آلِ یعقوب پر (بھی) جس طرح اس نے اسے پورا کیا
عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ	اس سے پہلے تیرے دونوں باپ دادا
اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ	ابراہیم اور اسحاق پر، بیشک تیرا رب
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿6﴾ ع	خوب جاننے والا بہت حکمت والا ہے۔ ﴿6﴾ ع
لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ	بلاشبہ یقیناً ہیں یوسف اور اسکے بھائیوں (کے قصے) میں
اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ﴿7﴾	(بہت سی) نشانیاں سوال کرنے والوں کے لیے۔ ﴿7﴾
اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ	جب انہوں نے کہا یقیناً یوسف اور اس کا بھائی
اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا	ہمارے باپ کے ہاں ہم سے زیادہ پیارے ہیں
وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا	حالانکہ ہم ایک (طاقتور) جماعت ہیں، بیشک ہمارا باپ
لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِۚ ﴿8﴾ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ	یقیناً واضح غلطی میں ہے ﴿8﴾ تم یوسف کو قتل کردو
اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا	یا اسے کسی (دور) زمین میں پھینک دو
يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ	(کہ) تمہارے باپ کا رخ تمہارے لیے خالی ہوجائے
وَتَكُوْنُوْا مِنْ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ﴿9﴾	اور اس کے بعد تم نیک لوگ ہوجانا۔ ﴿9﴾
قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ	ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا
لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ	مت قتل کرو یوسف کو
وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ	اور اسے اندھے کنویں میں پھینک دو
يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ	اسے کوئی راہ چلتا قافلہ اُٹھالے گا
اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿10﴾	اگر تم کرنے والے ہو (تو یوں کرو)۔ ﴿10﴾

ع 6 11

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	شان وشوکت، علم وحکمت۔
يُعَلِّمُكَ	علم، معلوم، تعلیم، معلم۔
مِنْ	من جملہ، من حیث القوم۔
الْاَحَادِيْثِ	حدیث، احادیث، محدث۔
يُتِمُّ	اتمام حجت، تمت بالخیر۔
نِعْمَتَهٗ	نعمت، انعام، منعم، نعمتیں۔
عَلٰٓى	علیحدہ، علی الاعلان۔
اٰلِ	آلِ رسول، آل واولاد۔
كَمَآ	کماحقہ/ کالعدم تنظیم۔
اَتَمَّهَا	تمام، اتمام حجت۔
اَبَوَيْكَ	آباؤ اجداد، آبائی شہر۔
قَبْلُ	قبل از وقت، قبل ازغذا۔
عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
حَكِيْمٌ	حکمت ودانائی، حکیمانہ انداز۔
اِخْوَتِهٖ	اخوّت، مواخات۔
لِلسَّآئِلِيْنَ	سوال، سائل، مسئول۔
اَحَبُّ	احباب، محب، محبوب۔
اِلٰٓى	مکتوب الیہ، رجوع الی اللہ۔
لَفِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
ضَلٰلٍ	ضلالت وگمراہی۔
مُّبِيْنٍ	دلیل بیّن، مبیّنہ طور پر۔
اقْتُلُوْا	قتل، قاتل، مقتول۔
اَرْضًا	ارض وسما، قطعۂ اراضی۔
يَخْلُ	خالی، خلوت، خلا۔
وَجْهُ	وجاہت، توجہ۔
اَبِيْكُمْ	آباؤ اجداد، آبائی شہر۔
صٰلِحِيْنَ	صلح، صالح، مصلح۔
قَالَ	قول، اقوال، قائل۔
السَّيَّارَةِ	سیر کرنا، خلائی سیارہ۔
فٰعِلِيْنَ	فعل، فاعل، مفعول۔

قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا	مَا [1]	لَكَ [2]	لَا	تَاْمَنَّا
ان سب نے کہا	اے ہمارے اباجان	کیا(ہے)	آپ کو	(کہ) نہیں	آپ ہمیں امین سمجھتے
عَلٰى يُوْسُفَ	وَ [3]	اِنَّا [4]	لَهٗ [2]	لَنٰصِحُوْنَ [5] (11)	
یوسف پر	حالانکہ	یقیناً ہم	اس کے	واقعی سب خیر خواہ(ہیں)	
اَرْسِلْهُ	مَعَنَا	غَدًا	يَّرْتَعْ	وَ	يَلْعَبْ
آپ بھیجیں اسے	ہمارے ساتھ	کل	وہ کھائے پیے	اور	وہ کھیلے کودے
وَاِنَّا [4]	لَهٗ [2]	لَحٰفِظُوْنَ [5] (12)	قَالَ	اِنِّيْ	
اور بیشک ہم	اس کی	ضرور سب حفاظت کرنے والے(ہیں)	اس نے کہا	بیشک میں	
لَيَحْزُنُنِيْٓ [7] [6]	اَنْ	تَذْهَبُوْا	بِهٖ	وَاَخَافُ	
یقیناً(یہ بات) غمگین کرتی ہے مجھے	کہ	تم سب لے جاؤ	اس کو	اور میں ڈرتا ہوں	
اَنْ	يَّاْكُلَهُ [6]	الذِّئْبُ	وَاَنْتُمْ [3]	عَنْهُ	غٰفِلُوْنَ (13)
کہ	کھاجائے اسے	بھیڑیا	اس حال میں کہ تم	اس سے	سب غافل ہو جاؤ
قَالُوْا	لَئِنْ	اَكَلَهُ	الذِّئْبُ	وَنَحْنُ [3]	عُصْبَةٌ [9] [8]
اُنہوں نے کہا	البتہ اگر	کھاجائے اسے	بھیڑیا	حالانکہ ہم	ایک(طاقتور)جماعت(ہیں)
اِنَّآ [4]	اِذًا [10]	لَّخٰسِرُوْنَ [5] (14)	فَلَمَّا	ذَهَبُوْا [11]	
بلاشبہ ہم	اس وقت	یقیناً سب خسارہ پانے والے(ہوں گے)	پھر جب	وہ سب لے گئے	
بِهٖ	وَ	اَجْمَعُوْٓا	اَنْ	يَّجْعَلُوْهُ [12]	
اس کو	اور	ان سب نے اکٹھے ہوکر طے کرلیا	کہ	وہ سب ڈال دیں اسے	
فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ج	وَ	اَوْحَيْنَآ [13]	اِلَيْهِ		
اندھے کنویں میں	اور	ہم نے وحی کی	اس کی طرف(کہ)		
لَتُنَبِّئَنَّهُمْ [14]	بِاَمْرِهِمْ هٰذَا	وَهُمْ [3]	لَا يَشْعُرُوْنَ [15] (15)		
ضرور بالضرور تو خبر دیگا اُنہیں	ان کے اس کام کی	اس حال میں کہ وہ	نہیں وہ سب سمجھتے ہونگے		
وَ	جَآءُوْٓ	اَبَاهُمْ	عِشَآءً	يَّبْكُوْنَ ط (16)	
اور	وہ سب آئے	اپنے باپ کے پاس	عشاء کے وقت	وہ سب رو رہے تھے	

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

2 لَكَ اور لَهٗ میں "لَ" دراصل "لِ" تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے "لَ" ہو جاتا ہے

3 "وَ" کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔

4 اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، یہاں تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔

5 لَ شروع میں تاکید کی علامت ہے، جس کا ترجمہ واقعتاً، ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

6 یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

7 اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے

8 ة واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

9 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

10 اِذًا کا ترجمہ اس وقت ہوتا ہے اور اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔

11 ذَهَبُوْا کا اصل ترجمہ وہ گئے ہوتا ہے لیکن اگر اس کے بعد "بِ" آرہا ہو تو ترجمہ وہ لے گئے ہوتا ہے۔

12 وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

13 نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

14 فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

15 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ	انہوں نے کہا اے ہمارے اباجان آپ کو کیا ہے
لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ	(کہ) آپ ہمیں یوسف پر امین نہیں سمجھتے؟
وَ اِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ (11)	حالانکہ یقیناً ہم واقعی اس کے خیر خواہ ہیں۔ (11)
اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا	کل اسے ہمارے ساتھ بھیجیں
يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ	(کہ) وہ کھائے پیے اور کھیلے کودے
وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ (12)	اور بیشک ہم اسکی ضرور حفاظت کرنے والے ہیں (12)
قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ	اس نے کہا بیشک مجھے یقیناً (یہ بات) غمگین کرتی ہے
اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَ اَخَافُ	کہ تم اسے لے جاؤ (یعنی وہ مجھ سے جدا ہو) اور میں ڈرتا ہوں
اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ	کہ اسے بھیڑیا کھا جائے
وَ اَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ (13)	اس حال میں کہ تم اس سے غافل ہو جاؤ۔ (13)
قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ	انہوں نے کہا واقعتاً اگر اسے بھیڑیا کھا جائے
وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ	جبکہ ہم ایک (طاقتور) جماعت ہیں بلاشبہ ہم
اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ (14)	اس وقت یقیناً خسارہ پانے والے ہوں گے۔ (14)
فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَ اَجْمَعُوْٓا	پھر جب وہ اسے لے گئے اور انہوں نے طے کر لیا
اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ	کہ وہ اسے اندھے کنویں میں ڈال دیں
وَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ	اور ہم نے وحی کی اس کی طرف
لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا	(کہ) ضرور بالضرور تو انہیں انکے اس کام کی خبر دیگا
وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (15)	اس حال میں کہ وہ نہیں سمجھتے ہوں گے۔ (15)
وَ جَآءُوْٓ اَبَاهُمْ	اور وہ اپنے باپ کے پاس آئے
عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ؕ (16)	عشاء کے وقت روتے ہوئے۔ (16)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
تَاْمَنَّا : امن، امین، امانت۔
عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم۔
لَنٰصِحُوْنَ : نصیحت، ناصح، پند و نصائح۔
اَرْسِلْهُ : ارسال، ترسیل، ترسیلات۔
مَعَنَا : معیّت، مع اہل و عیال۔
وَ : شام و سحر، رحم و کرم۔
يَلْعَبْ : لہو و لعب۔
لَحٰفِظُوْنَ : حافظ، محفوظ، محافظ۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ۔
لَيَحْزُنُنِيْٓ : حزن و ملال، عام الحزن۔
اَخَافُ : خوف، خائف، بے خوف۔
يَّاْكُلَهُ : اکل و شرب، ماکولات۔
غٰفِلُوْنَ : غفلت، غافل، تغافل۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ۔
اَكَلَهُ : اکل و شرب، ماکولات۔
لَّخٰسِرُوْنَ : خسارہ، خائب و خاسر۔
اَجْمَعُوْٓا : جمع، جامع، جمیع، اجماع۔
فِيْ : فی الفور، اظہار مافی الضمیر۔
اَوْحَيْنَآ : وحی، سلسلہ وحی۔
اِلَيْهِ : مکتوب الیہ، رجوع الی اللہ۔
لَتُنَبِّئَنَّهُمْ : نبی، نبوت، انبیا۔
بِاَمْرِهِمْ : امر، آمر، مامور، امر ربی۔
هٰذَا : علی ہذا القیاس، لہٰذا۔
لَا : لاعلاج، لاتعداد، لا محالہ۔
يَشْعُرُوْنَ : شعوری طور پر، عقل و شعور۔
اَبَاهُمْ : آباؤ اجداد، آبائی شہر۔
عِشَآءً : نماز عشا، عشائیہ۔
يَّبْكُوْنَ : آہ و بکا کرنا۔

قَالُوْا	يٰٓاَبَانَآ	اِنَّا [1]	ذَهَبْنَا	نَسْتَبِقُ
ان سب نے کہا	اے ہمارے ابا جان!	بیشک ہم	ہم گئے	(اور) ہم دوڑ کا مقابلہ کرنے لگے

وَ	تَرَكْنَا	يُوْسُفَ [2]	عِنْدَ مَتَاعِنَا	فَاَكَلَهٗ [3]
اور	ہم نے چھوڑ دیا	یوسف (کو)	اپنے سامان کے پاس	تو کھا گیا اسے

الذِّئْبُ ج [4]	وَمَآ	اَنْتَ	بِمُؤْمِنٍ [5][6]	لَّنَا	وَلَوْ
بھیڑیا	اور نہیں	تو	ہر گز یقین کرنے والا	ہماری (بات) کا	اور اگرچہ

كُنَّا [7]	صٰدِقِيْنَ (17)	وَ	جَآءُوْ	عَلٰى قَمِيْصِهٖ [3]
ہوں ہم	سب سچے	اور	وہ سب آئے	اس کی قمیض پر

بِدَمٍ كَذِبٍ ط [8][9]	قَالَ	بَلْ	سَوَّلَتْ [10]	لَكُمْ
ایک جھوٹے خون کے ساتھ	اس نے کہا	بلکہ	بنالی ہے	تمہارے لیے

اَنْفُسُكُمْ	اَمْرًا ط [9]	فَصَبْرٌ	جَمِيْلٌ ط	وَاللّٰهُ
تمہارے نفسوں نے	ایک بات	سو (میرا کام) صبر (ہے)	اچھا	اور اللہ (ہی سے)

الْمُسْتَعَانُ	عَلٰى مَا	تَصِفُوْنَ (18)	وَ	جَآءَتْ [10]
مدد مطلوب ہے	(اس) پر جو	تم سب بیان کرتے ہو	اور	آیا

سَيَّارَةٌ [9][10]	فَاَرْسَلُوْا	وَارِدَهُمْ	فَاَدْلٰى	دَلْوَهٗ ط [3]
ایک راہ چلتا قافلہ	چنانچہ اُنہوں نے بھیجا	اپنا پانی لانے والا	تو اس نے لٹکایا	اپنا ڈول

قَالَ	يٰبُشْرٰى	هٰذَا غُلٰمٌ ط	وَ	اَسَرُّوْهُ [3][11]
(تو) اس نے کہا	واہ خوشخبری ہے	یہ (تو) لڑکا (ہے)	اور	اُنہوں نے چھپا لیا اسے

بِضَاعَةً ط [10]	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِمَا [8]	يَعْمَلُوْنَ (19)
مال تجارت (سمجھ کر)	اور اللہ	خوب جاننے والا (ہے)	(اس) کو جو	وہ سب کر رہے (تھے)

وَ	شَرَوْهُ [3][11]	بِثَمَنٍ بَخْسٍ [12]	دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ج [10]
اور	اُنہوں نے بیچ دیا اس کو	تھوڑی قیمت میں	گنتی کے چند درہموں (میں)

وَ	كَانُوْا	فِيْهِ	مِنَ الزّٰهِدِيْنَ (20) [13]
اور	تھے وہ سب	اس (یوسف کے بارے) میں	رغبت نہ رکھنے والوں میں سے

الثلثة

ع 14 12

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، یہاں تخفیف کے لیے ایک نون محذوف ہے۔
2. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
3. ہٗ یا ہٖ اگر فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اُسے اور اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
4. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔
5. بِ سے پہلے اگر مَا گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس سے جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اور ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے۔
6. اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔
7. كُنَّا دراصل كَوُنْنَا تھا گرامر کے اصول کے مطابق وَ کو ہٹا کر كُ کو پیش دی گئی ہے اور ن کو ن میں مدغم کیا گیا ہے۔
8. بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔
9. ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔
10. تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث جبکہ ۃ اسم کے آخر میں واحد مونث کی علامت ہے
11. وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔
12. یہاں بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے
13. کیونکہ جو چیز محنت کے بغیر مفت میں مل جائے وہ جتنی بھی قیمتی ہو اس کی قدر نہیں کی جاتی۔

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ	انہوں نے کہا اے ہمارے ابا جان!
اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ	بیشک ہم گئے (اور) دوڑ کا مقابلہ کرنے لگے
وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا	اور ہم نے یوسف کو اپنے سامان کے پاس چھوڑ دیا
فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ	تو اُسے بھیڑیا کھا گیا
وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا	اور آپ ہماری بات کا ہرگز یقین کرنے والے نہیں
وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿17﴾	اور اگرچہ ہم سچے ہی ہوں۔ ﴿17﴾
وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ	اور وہ اس کی قمیض پر ایک جھوٹا خون لگا لائے
قَالَ بَلْ	اس نے کہا بلکہ
سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ	تمہارے نفسوں نے تمہارے لیے ایک بات بنالی ہے
فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ	سو (میرا کام) اچھا صبر ہے
وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ	اور اللہ (ہی) سے مدد مطلوب ہے
عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿18﴾	اس پر جو تم بیان کرتے ہو۔ ﴿18﴾
وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا	اور ایک راہ چلتا قافلہ آیا تو انہوں نے بھیجا
وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ۭ	اپنا پانی لانے والا پس اس نے اپنا ڈول لٹکایا
قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ۭ	(تو) اس نے کہا واہ خوشخبری ہے یہ (تو) لڑکا ہے
وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ وَاللّٰهُ	اور انہوں نے اسے مالِ تجارت بنا کر چھپالیا، اور اللہ
عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿19﴾	اس کو خوب جاننے والا ہے جو وہ کر رہے تھے ﴿19﴾
وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ	اور انہوں نے اس کو تھوڑی قیمت میں بیچ دیا
دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ	(یعنی) گنتی کے چند درہموں میں
وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿20﴾ ع	اور وہ اس میں رغبت نہ رکھنے والوں میں سے تھے ﴿20﴾ ع

الثلثة

ع 14 12

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

قَالُوْا	: قول، اقوال، مقولہ۔
يٰٓاَبَانَآ	: یا الٰہی / آباؤ اجداد۔
نَسْتَبِقُ	: سبقت، مسابقت۔
تَرَكْنَا	: ترک کرنا، ترکہ، تارک۔
عِنْدَ	: عند الطلب، عندیہ۔
مَتَاعِنَا	: متاعِ عزیز، متاعِ کارواں۔
فَاَكَلَهُ	: اکل و شرب، ماکولات۔
بِمُؤْمِنٍ	: امن، ایمان، مؤمن۔
صٰدِقِيْنَ	: صادق و امین، صداقت۔
قَمِيْصِهٖ	: قمیض۔
كَذِبٍ	: کذب، کذاب، تکذیب۔
قَالَ	: قول، قائل، اقوال۔
بَلْ	: بلکہ۔
اَنْفُسُكُمْ	: نفسا نفسی، نظامِ تنفس۔
اَمْرًا	: امر، آمر، امرِ ربی۔
فَصَبْرٌ	: صبر، صابر، صبر و تحمل۔
جَمِيْلٌ	: حسین و جمیل، حسن و جمال۔
الْمُسْتَعَانُ	: استعانت، اعانت، معاون۔
عَلٰى	: علی الاعلان، علی العموم۔
مَا	: ماتحت، ماورائے عدالت۔
تَصِفُوْنَ	: وصف، اوصاف، صفات۔
سَيَّارَةٌ	: سیر، خلائی سیارہ۔
فَاَرْسَلُوْا	: ارسال، مراسلہ، ترسیل۔
يٰبُشْرٰى	: بشارت، بشیر، مبشر۔
اَسَرُّوْهُ	: اسرار و رموز، پراسرار۔
يَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، معمول۔
شَرَوْهُ	: بیع و شرا، مشتری ہوشیار باش۔
دَرَاهِمَ	: درہم و دینار۔
مَعْدُوْدَةٍ	: عدد، اعداد، تعداد۔
الزّٰهِدِيْنَ	: زہد، زاہد و عابد۔

وَقَالَ	الَّذِي	اشْتَرٰىهُ [1]	مِنْ مِّصْرَ	لِامْرَاَتِهٖٓ [1][2]
اور کہا	جس نے	خریدا اسے	مصر سے	اپنی بیوی سے

اَكْرِمِيْ [3]	مَثْوٰىهُ [1][4]	عَسٰٓى	اَنْ	يَّنْفَعَنَآ	اَوْ
تو باعزت رکھ	اس کا ٹھکانا	امید ہے	کہ	وہ نفع دے ہمیں	یا

نَتَّخِذَهٗ [1]	وَلَدًا ؕ	وَ	كَذٰلِكَ	مَكَّنَّا	لِيُوْسُفَ [5]
ہم بنالیں اسے	بیٹا	اور	اسی طرح	ہم نے جگہ دی	یوسف کو

فِي الْاَرْضِ ز	وَ	لِنُعَلِّمَهٗ [1][6]	مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ
زمین میں	اور	تاکہ ہم سکھائیں اسے	(کچھ) باتوں (خوابوں) کی تعبیر سے

وَاللّٰهُ	غَالِبٌ	عَلٰٓى اَمْرِهٖ [1]	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ
اور اللہ	غالب (ہے)	اپنے کام پر	اور لیکن	اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ [7] (21)	وَلَمَّا	بَلَغَ	اَشُدَّهٗٓ [1]	اٰتَيْنٰهُ [1]
نہیں وہ سب جانتے	اور جب	پہنچا وہ (یوسف)	اپنی جوانی (کو)	(تو) ہم نے دی اسے

حُكْمًا	وَّعِلْمًا ؕ	وَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ [8] (22)
حکومت	اور علم	اور	اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)

وَ	رَاوَدَتْهُ [1][9]	الَّتِيْ	هُوَ	فِيْ بَيْتِهَا	عَنْ نَّفْسِهٖ [1]
اور	پھسلایا اسے	(اس عورت نے) جو (کہ)	وہ (تھا)	اس کے گھر میں	اس کے نفس سے

وَ	غَلَّقَتِ [9][10]	الْاَبْوَابَ	وَ	قَالَتْ [9]	هَيْتَ [11]
اور	اس نے بند کرلیے	دروازے	اور	کہنے لگی	جلدی آ

لَكَ ؕ	قَالَ	مَعَاذَ اللّٰهِ	اِنَّهٗ	رَبِّيْٓ [12]	اَحْسَنَ
تجھ سے (کہتی ہوں)	اس نے کہا	اللہ کی پناہ!	بیشک وہ	میرا مالک (ہے)	اس نے اچھا بنایا ہے

مَثْوَايَ ؕ	اِنَّهٗ	لَا	يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ (23)
میرا ٹھکانا	بیشک یہ (حقیقت ہے کہ)	نہیں	فلاح پاتے	سب ظالم

وَلَقَدْ [13]	هَمَّتْ [9]	بِهٖ ج	وَ	هَمَّ	بِهَا
اور بلاشبہ یقیناً	وہ ارادہ کرچکی (تھی)	اس کے ساتھ	اور	وہ (بھی) ارادہ کرلیتا	اس کے ساتھ

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] ہٗ یا ہٖ اگر فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اُسے اور اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[2] قَالَ، يَقُوْلُ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔

[3] فعل کے شروع میں "أ" اور آخر میں يْ ہو تو اس میں واحد مؤنث کو حکم دینے کا مفہوم ہوتا ہے، جبکہ علامت يْ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

[4] یعنی اس کی پرورش میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کرنی ہے۔

[5] اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ عموماً کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

[6] فعل کے شروع میں "لِ" اور آخر میں زبر ہو تو اس "لِ" کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔

[7] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

[8] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[10] تْ کو جب اگلے لفظ سے جاتا ہے تو اسے زیر دیتے ہیں۔

[11] بعض نے کہا ہے کہ هَيْتَ اسم ہے فعل امر کے معنی میں یعنی جلدی آجا۔ ایک اور قرأت میں هِئْتُ لَكَ بمعنی تَهَئْتُ لَكَ یعنی میں تیرے لیے تیار ہوں۔

[12] بعض مفسرین نے اِنَّهٗ رَبِّيْٓ سے مراد عزیز مصر لیا ہے اور بعض نے اللّٰہ تعالیٰ مراد لیا ہے، دوسری رائے زیادہ قرین قیاس ہے کیونکہ پہلے لفظ اللّٰہ گزرا ہے۔

[13] لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ	اور جس شخص نے اُسے مصر سے خریدا اس نے کہا
لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى	اپنی بیوی سے (کہ) اس کا ٹھکانا باعزت رکھ ہو سکتا ہے
اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ	کہ وہ ہمیں نفع دے یا ہم اسے بیٹا بنالیں
وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ	اور اسی طرح ہم نے یوسف کو جگہ دی
فِي الْاَرْضِ ۡ وَلِنُعَلِّمَهٗ	(مصر کی) زمین میں اور تاکہ ہم اسے سکھائیں
مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ	کچھ باتوں (خوابوں) کی تعبیر
وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ	اور اللہ اپنے ہر کام پر غالب ہے
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿21﴾	اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ ﴿21﴾
وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ	اور جب وہ (یوسف) اپنی جوانی کو پہنچا
اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ	(تو) ہم نے اسے حکم (دانائی) اور علم دیا
وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿22﴾	اور اسی طرح ہم نیکی کرنے والوں کو جزا دیتے ہیں ﴿22﴾
وَرَاوَدَتْهُ	اور اس (عورت) نے اُسے پھسلایا
الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا	جس (عورت) کے گھر میں وہ تھا
عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ	اس کے نفس سے اور اس نے دروازے بند کر لیے
وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ	اور کہنے لگی جلدی سے آ (میں کہتی ہوں) تجھ سے
قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ	اس نے کہا اللہ کی پناہ، بیشک وہ میرا مالک ہے
اَحْسَنَ مَثْوَايَ ؕ	اس نے میرا ٹھکانا اچھا بنایا ہے
اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿23﴾	بیشک یہ (حقیقت ہے کہ) ظالم کبھی فلاح نہیں پاتے۔ ﴿23﴾
وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ	اور بلاشبہ یقیناً وہ اسکے ساتھ (گناہ کا) ارادہ کر چکی تھی
وَهَمَّ بِهَا	اور وہ بھی ارادہ کر لیتا اس کے ساتھ

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

قَالَ	: قول، اقوال، قائل۔
اشْتَرٰىهُ	: بیع وشرا، مشتری ہوشیار باش۔
مِنْ	: منجانب، منجملہ، من وعن۔
اَكْرِمِيْ	: اکرام مسلم، تکریم، مکرم۔
يَّنْفَعَنَآ	: نفع، منافع، منفعت۔
نَتَّخِذَهٗ	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
وَلَدًا	: ولد، اولاد، ولدیت۔
مَكَّنَّا	: تمکین، مکان۔
فِي	: فی الحال، فی الفور۔
الْاَرْضِ	: ارض وسما، قطعۂ ارض۔
لِنُعَلِّمَهٗ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
الْاَحَادِيْثِ	: احادیث، حدیث دل۔
غَالِبٌ	: غالب، غلبہ، مغلوب۔
اَكْثَرَ	: اکثر، کثیر، کثرت۔
النَّاسِ	: عوام الناس، عامۃ الناس۔
لَا	: لاعلاج، لاتعداد، لامحالہ۔
يَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
بَلَغَ	: بالغ، ابلاغ، بلوغت۔
حُكْمًا	: حکم، احکام، محکوم، حاکم۔
عِلْمًا	: علم، علوم، معلومات۔
نَجْزِي	: جزا وسزا، جزائے خیر۔
بَيْتِهَا	: بیت اللہ، بیت المقدس۔
الْاَبْوَابَ	: باب، ابواب۔
قَالَتْ	: قول، اقوال، مقولہ۔
مَعَاذَ	: تعویذ، تعوّذ، معاذ اللہ۔
اَحْسَنَ	: احسن، حسین، تحسین۔
لَا	: لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
يُفْلِحُ	: فوز وفلاح، فلاح دارین۔
الظّٰلِمُوْنَ	: ظلم، ظالم، مظلوم۔
بِهٖ	: بالکل، بالمقابل، بالواسطہ۔

لَوْلَآ [1]	اَنْ	رَّاٰ	بُرْهَانَ رَبِّهٖ ط [2]	كَذٰلِكَ [3]
اگر (یہ) نہ (ہوتا)	کہ	اس نے دیکھ لی	اپنے رب کی دلیل	اسی طرح (ہوا)
لِنَصْرِفَ [4]	عَنْهُ	السُّوْٓءَ	وَ	الْفَحْشَآءَ ط
تاکہ ہم پھیر دیں	اس سے	برائی	اور	بے حیائی
اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ (24) [5][6]	وَ	اسْتَبَقَا [7]	
بیشک وہ	ہمارے خالص کیے ہوئے بندوں میں سے (تھا)	اور	دونوں دوڑے	
الْبَابَ [8]	وَ	قَدَّتْ [9]	قَمِيْصَهٗ [2]	مِنْ دُبُرٍ
دروازے (کی طرف)	اور	اس عورت نے پھاڑ دی	اس کی قمیص	پیچھے سے
وَّ	اَلْفَيَا [7]	سَيِّدَهَا	لَدَا الْبَابِ ط	قَالَتْ [9]
اور	دونوں نے پایا	اس کے آقا (خاوند کو)	دروازے کے پاس	وہ کہنے لگی

مَا [10]	جَزَآءُ	مَنْ	اَرَادَ	بِاَهْلِكَ	سُوْٓءًا
کیا	سزا ہے (اس کی)	جو	ارادہ کرے	تیری بیوی کے ساتھ	برائی (کا)

اِلَّآ	اَنْ	يُّسْجَنَ [11]	اَوْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ (25)
مگر	یہ کہ	وہ قید کیا جائے	یا	(اسے) دردناک سزا (ہو)
قَالَ	هِيَ [12]	رَاوَدَتْنِيْ [9][13]	عَنْ نَّفْسِيْ	وَشَهِدَ [14]
اس (یوسف نے) کہا	اسی نے	پھسلایا ہے مجھے	میرے نفس سے	اور گواہی دی
شَاهِدٌ	مِّنْ اَهْلِهَا ج	اِنْ	كَانَ	قَمِيْصُهٗ [2]
ایک گواہ (نے)	اس (عورت) کے گھر والوں میں سے	(کہ) اگر	ہو	اس (یوسف) کی قمیص
قُدَّ	مِنْ قُبُلٍ	فَصَدَقَتْ [9]	وَهُوَ	مِنَ الْكٰذِبِيْنَ (26)
پھاڑی گئی	آگے سے	تو وہ سچی ہے	اور وہ (یوسف)	جھوٹوں میں سے (ہے)
وَاِنْ	كَانَ	قَمِيْصُهٗ [2]	قُدَّ	مِنْ دُبُرٍ
اور اگر	ہو	اس (یوسف) کی قمیص	پھاڑی گئی	پیچھے سے
فَكَذَبَتْ [9]	وَ	هُوَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (27)	
